# Globethics Repository

Busyra lil mu'minin fi syafaat sayyid al-mursalin

This page was generated automatically upon download from the Globethics Repository. More information on Globethics see https://www.globethics.net. Data and content policy of Globethics Repository see https://repository.globethics.net/pages/policy.

| | |
|---|---|
| Item Type | Book |
| Authors | Al-Qodiri, Muhammad Thohir |
| Publisher | Minhajul Quran Press |
| Rights | With permission of the license/copyright holder |
| Download date | 2026-06-12 05:02:18 |
| Link to Item | http://hdl.handle.net/20.500.12424/187276 |

# جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں



| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | بشری للمؤمنین فی شفاعۃ سید المرسلین ﷺ |
| مرتب | : | پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری |
| نظر ثانی | : | مفتی عبد القیوم خان ہزاروی |
| تخریج | : | محمد تاج الدین کالامی |
| کمپوزنگ | : | محمد یامین |
| اِشاعت اول | : | فروری 2001ء |
| تعداد | : | 1100 |
| زیر اہتمام | : | ڈاکٹر فرید الدینؒ اسلامک ریسرچ انسٹیٹیوٹ |
| نگرانِ طباعت | : | محمد جاوید کھٹانہ |
| مطبع | : | منہاج القرآن پرنٹرز |
| قیمت | : | روپے |


**نوٹ:** پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور خطبات و لیکچرز کے ریکارڈ شدہ آڈیو/ ویڈیو کیسٹس اور CDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی ان کی طرف سے ہمیشہ کے لئے **تحریکِ منہاج القرآن** کے لئے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاج القرآن پبلی کیشنز)


منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

www.MinhajBooks.com

# الأربعین

# بُشریٰ للمؤمنین
# فی
# شَفاعةِ سیدِ المُرسَلین ﷺ

www.MinhajBooks.com

پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

www.MinhajBooks.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | حضور ﷺ کا شفاعت عظمیٰ پر فائز ہونے کا بیان | ۱۱ |
| ۲ | حضور ﷺ کا مقامِ محمود پر فائز ہونا | ۱۶ |
| ۳ | اللہ تعالیٰ کا اپنے نبی کو اذنِ شفاعت دے کر راضی کرنا | ۲۳ |
| ۴ | حضور ﷺ سب سے پہلے شفیع اور مقبول الشفاعت | ۲۶ |
| ۵ | حضور ﷺ کی دعائے شفاعت کا بیان | ۲۹ |
| ۶ | حضور ﷺ کا دو امور میں سے شفاعت کو اختیار کرنا | ۳۳ |
| ۷ | شفاعت ...... خاصہء مصطفیٰ ﷺ | ۳۶ |
| ۸ | حضور ﷺ کا انبیاء علیھم السلام کو حق شفاعت دلانا | ۳۹ |
| ۹ | حضرت ابراہیم علیہ السلام کا حضور ﷺ کی شفاعت میں رغبت رکھنا | ۴۱ |
| ۱۰ | حضور ﷺ کی امت کی کثرت اور آپ ﷺ کی شفیع ہونے کا بیان | ۴۴ |
| ۱۱ | حضور ﷺ کا روزِ قیامت تین مقامات پر شفاعت فرمانا | ۴۵ |
| ۱۲ | حضور ﷺ کی شفاعت کی عمومیت کا بیان | ۴۶ |
| ۱۳ | حضور ﷺ کا سب سے پہلے اہل بیت کی شفاعت فرمانا | ۴۸ |
| ۱۴ | حضور ﷺ کی محبانِ اہل بیت کے لئے شفاعت | ۴۹ |
| ۱۵ | کسی بھی وقت حضور ﷺ پر درود شریف پڑھنے والے کے لئے آپ ﷺ کی شفاعت | ۵۰ |
| ۱۶ | اذان کے بعد دعا کرنے والے کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت | ۵۱ |
| ۱۷ | قبرانور کی زیارت کرنے والے کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت | ۵۳ |

| صفحہ | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۵۴ | حضور ﷺ کا اہل مدینہ کی شفاعت فرمانا | ۱۸ |
| ۵۵ | حضور ﷺ کا مدینہ طیبہ کی بھوک اور سختی پر صبر کرنے والے کی شفاعت فرمانا | ۱۹ |
| ۵۶ | حضور ﷺ کا مدینہ منورہ میں وفات پانے والے کے لئے شفیع ہونا | ۲۰ |
| ۵۷ | حضور ﷺ کا حرمین شریفین میں وفات پانے والے کے لئے شفاعت | ۲۱ |
| ۵۸ | چالیس احادیث مبارکہ یاد کرنے والے کے لئے شفاعت | ۲۲ |
| ۵۹ | حضور ﷺ کا امت کے تباہ حال گناہگاروں کے لئے شفاعت فرمانا | ۲۳ |
| ۶۰ | حضور ﷺ کا اپنی امت کے لا محدود افراد کی شفاعت فرمانا | ۲۴ |
| ۶۱ | حضور ﷺ کا درجہ بدرجہ تمام مؤمنین کی شفاعت کرنا | ۲۵ |
| ۶۲ | حضور ﷺ کا اپنی امت کے خطا کاروں کی شفاعت فرمانا | ۲۶ |
| ۶۳ | کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت | ۲۷ |
| ۶۶ | حضور ﷺ کی شفاعت سے عذابِ دوزخ سے چھٹکارا | ۲۸ |
| ۶۹ | حضور ﷺ کی شفاعت اس شخص کے لئے جو حالتِ شرک میں نہ مرے | ۲۹ |
| ۷۱ | کامل اخلاص کے ساتھ ایمان والے کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت | ۳۰ |
| ۷۳ | حضور ﷺ کی رائی کے دانے سے بھی کم ایمان والے کے لئے شفاعت | ۳۱ |
| ۷۴ | حضور ﷺ پر شفاعت کی انتہا ہو جانا | ۳۲ |
| ۷۵ | حضور ﷺ کی شفاعت کے طفیل بلا حساب و کتاب جنت میں دخول | ۳۳ |
| ۷۷ | شفاعت مصطفیٰ ﷺ سے حضرت ابو طالب کو فائدہ | ۳۴ |
| ۷۹ | عرب سے دھوکہ کرنے والے کی شفاعت سے محرومی | ۳۵ |

| صفحہ | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۸۰ | صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کے گستاخ کی شفاعت سے محرومی | ۳۶ |
| ۸۲ | منکر شفاعت کا شفاعت سے محروم ہونا | ۳۷ |
| ۸۳ | انبیاء علیہم السلام کا شفاعت فرمانا | ۳۸ |
| ۸۷ | اولیاء و صالحین کا شفاعت فرمانا | ۳۹ |
| ۹۴ | حفاظ و شھداء کا شفاعت کرنا | ۴۰ |



www.MinhajBooks.com

# الاربعین

# بشری للمؤمنین فی شفاعة سید المرسلین ﷺ

www.MinhajBooks.com

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش
www.MinhajBooks.com

شفاعت امر جائز اور حق ہے اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ روز محشر جملہ انبیاء و صالحین شفاعت فرمائیں گے جبکہ شفاعت کبریٰ کے مقام جلیلہ پر ہمارے حضور سید دو عالم ﷺ فائز ہوں گے جس کو قرآن حکیم نے ''مقامِ محمود'' سے تعبیر کیا ہے۔ شفاعت گناہگاروں اور خطا کاروں کی بخشش و مغفرت کے لئے اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے اپنے محبوب ﷺ کی امت مرحومہ پر ایک انعام عظیم ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنی ظاہری حیات طیبہ میں بھی شفاعت فرمائی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جنت کی ضمانت دی، بخشش و مغفرت کا مژدہ سنایا، صحابہ کرام نے آپ ﷺ سے شفاعت طلب کی اور آپ ﷺ نے اس کو کبھی رد نہیں کیا۔ اسی طرح روز قیامت آپ ﷺ شفاعت عظمیٰ کے مقام پر فائز ہوں گے جس کا ثبوت آیاتِ قرآنی کے علاوہ احادیث مبارکہ سے بھی ملتا ہے۔ صحاحِ ستہ اور دیگر معروف کتب احادیث میں درج ہے کہ انبیاءِ کرام میدانِ حشر میں اپنی امتوں کے ہمراہ بارگاہ محمدی ﷺ میں جمع ہو کر جلد حساب و کتاب کے آغاز کیلئے آپ ﷺ کو بارگاہِ رب العزت میں اپنا شفیع بنائیں گے جس پر آپ ﷺ بارگاہ صمدیت میں شفاعت کریں گے اور رب تعالیٰ حساب و کتاب جلدی شروع فرمائے گا، یوں اس دن کی سختی سے انسانیت نجات پائے گی۔

روزِ قیامت سب سے پہلے آپ ﷺ شافعِ محشر کی حیثیت سے شفاعت فرمائیں گے، آپ ﷺ کی شفاعت سے ہر اس بندے کو فائدہ پہنچے گا جو اس دنیا میں اس پر

ایمان رکھتا ہو‘ حتی کہ ایک ادنیٰ درجے کا مؤمن بھی شفاعت مصطفےٰ ﷺ کے طفیل عذاب جہنم سے رہائی پا کر مستحق جنت ٹھہرے گا‘ جنت کا دروازہ بھی آپ ﷺ کے لئے سب سے پہلے کھلے گا۔ آپ ﷺ اس روز شفاعت فرماتے رہیں گے حتی کہ داروغہ جہنم پکار اٹھے گا اے محمد ﷺ آپ نے تو اپنے رب کے غضب کیلئے کچھ نہیں چھوڑا۔

روایات میں مذکور ہے کہ بعض کفار کے عذاب میں تخفیف اور مشرکین کے بچوں کے حق میں بھی آپ ﷺ کی شفاعت قبول کی جائے گی۔ آپ ﷺ کے علاوہ دیگر انبیاء کرام‘ صالحین‘ شھداء‘ حفاظ بھی اپنے متعلقین اور اعزاء واقارب کی شفاعت کریں گے۔ علاوہ ازیں نیک اعمال جیسے قرآن اور روزہ بھی شافع ہوں گے الغرض یومِ جزا شفاعت کے اجراء اور اس کے نفع بخش ہونے پر کثرت سے احادیث مبارکہ مروی ہیں۔ اللہ رب العزت کی اس عظیم نعمت سے صرف بد بخت کفار ومشرکین اور شقی لوگ ہی محروم ہو سکتے ہیں جبکہ عام خطا کار مؤمنین بالآخر شفاعت نبوی ﷺ کی بدولت عذاب جہنم میں تخفیف پا کر جنت میں داخل ہوں گے۔

فرمان نبوی ﷺ کے مطابق ہم بھی اپنے آپ کو شفاعت کا حقدار ضرور بنا سکتے ہیں جسکی رو سے چالیس احادیث بیان کرنے والوں کی حضور ﷺ شفاعت فرمائیں گے لہذا آئندہ صفحات میں شفاعت نبوی سے متعلق روایات کو ہم 40 فصلوں میں بیان کریں گے۔

www.MinhajBooks.com

فصل نمبر ا

# بیان کون النبی ﷺ صاحب الشفاعۃ العظمٰی

## ﴿حضور ﷺ کا شفاعت عظمیٰ پر فائز ہونے کا بیان﴾

ا۔ عَنْ اَنَسٍ بْنِ مَالِکٍ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ﷺ۔ قَالَ: إِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ مَا جَ النَّاسُ بَعْضُھُمْ فِیْ بَعْضٍ، فَیَأْتُوْنَ آدَمَ، فَیَقُوْلُوْنَ: اِشْفَعْ لَنَا إِلٰی رَبِّکَ، فَیَقُوْلُ: لَسْتُ لَھَا وَلٰکِنْ عَلَیْکُمْ بِإِبْرَاھِیْمَ، فَإِنَّهٗ خَلِیْلُ الرَّحْمٰنِ، فَیَأْتُوْنَ إِبْرَاھِیْمَ، فَیَقُوْلُ: لَسْتُ لَھَا، وَلٰکِنْ عَلَیْکُمْ بِمُوْسٰی،

(ا) ا۔ صحیح البخاری، کتاب التوحید، ۲:۱۱۱۸۔۱۱۱۹، باب کلام الرب مع الانبیاء وغیرہم، رقم حدیث: ۷۰۷۲

۲۔ صحیح البخاری، ۱:۴۷۰۔ کتاب بدأ الخلق باب قول اللہ تعالیٰ انا ارسلنا نوحا الی قومہ، رقم حدیث: ۲۰۶۔

۳۔ صحیح البخاری، ۱:۴۷۴، کتاب الانبیاء، باب یزفون النسلان فی المشی، رقم حدیث: ۳۱۸۲۔

۴۔ صحیح البخاری، ۲:۶۴۲۔ کتاب التفسیر سورہ البقرہ، باب وعلم آدم اسماء کلھا، رقم حدیث: ۴۲۰۶۔

۵۔ صحیح البخاری، ۲:۶۸۴، ۶۸۵، کتاب التفسیر، تفسیر سورہ بنی اسرائیل باب، قولہ ذریۃ من حملنا مع نوح رقم حدیث: ۴۴۳۵۔

۶۔ صحیح البخاری، ۲:۹۷۱۔ کتاب الرقاق، باب صفۃ الجنۃ والنار، رقم حدیث: ۶۱۹۷

۷۔ صحیح البخاری، ۲:۱۱۰۲۔ کتاب التوحید، باب قول اللہ تعالیٰ لما خلقت بیدی، رقم حدیث: ۶۹۷۵۔

۸۔ صحیح البخاری، ۲:۱۱۰۸۔ کتاب التوحید، باب قول اللہ تعالیٰ وجوہ یومئذ ناضرۃ الی ربھا ناظرۃ، رقم حدیث: ۷۰۰۲۔

==

فَإِنَّه، كَلِيْمُ اللّٰهِ، فَيَاتُوْنَ مُوْسٰى، فَيَقُوْلُ: لَسْتُ لَهَا، وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِعِيْسٰى، فَإِنَّهٗ رُوْحُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ، فَيَأْتُوْنَ عِيْسٰى، فَيَقُوْلُ: لَسْتُ لَهَا، وَلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِمُحَمَّدٍ ﷺ، فَيَأْتُوْنَنِيْ فَأَقُوْلُ: أَنَا لَهَا، فَأَسْتَأْذِنُ عَلٰى رَبِّيْ، فَيُؤْذَنُ لِيْ، وَيُلْهِمُنِيْ مَحَامِدَ أَحْمَدُهٗ بِهَا، لَا تَحْضُرُنِيْ الْآنَ، فَأَحْمِدُهٗ

---

==

۹۔ صحیح مسلم، ۱: ۱۰۸۔۱۰۹، باب اثبات الشفاعۃ واخراج الموحدین، رقم حدیث: ۳۲۲

۱۰۔ جامع الترمذی، ۲: ۶۶، ابوب الزھد، باب ما جاء فی الشفاعۃ، رقم حدیث: ۲۴۳۴

۱۱۔ مسند احمد بن حنبل، ۳: ۱۶۲، ۱۴۴

۱۲۔ مسند احمد بن حنبل، ۲: ۳۶۸، ۴۳۵ (روایت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ)

۱۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۱: ۴۔۵ (روایت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) ۲۸۱، ۲۸۲، ۲۹۵، ۲۹۶ (رویت ابن عباس رضی اللہ عنہ)

۱۴۔ مصنف ابن ابی شیبہ، ۱۱: ۴۵۰، ۴۵۱، رقم حدیث: ۱۱۷۲۳

۱۵۔ مصنف ابن ابی شیبہ، ۱۱: ۴۴۴، رقم حدیث: ۱۱۷۲۰ (روایت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ)

۱۶۔ مصنف ابن ابی شیبہ، ۱۱: ۴۴۷، رقم حدیث: ۱۱۷۲۱ (روایت سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ)

۱۷۔ شعب الایمان، ۱: ۲۸۵، رقم حدیث: ۳۰۸

۱۸۔ ابوداؤد الطیالسی، رقم حدیث: ۲۰۱۰

۱۹۔ مسند ابی یعلی، ۵۶۔۵۹، رقم حدیث: ۵۶ (روایت ابوبکر صدیق)

۲۰۔ مسند ابی عوانہ، ۱: ۱۷۸۔۱۸۰

۲۱۔ صحیح ابن حبان، ۱۴: ۳۷۷، رقم حدیث: ۶۴۶۴

۲۲۔ صحیح ابن حبان، ۱۴: ۳۹۳، رقم حدیث ۶۴۷۶

۲۳۔ شرح السنہ، ۱۵: ۱۵۷۔۱۶۰، رقم حدیث: ۴۳۳۳

۲۴۔ مجمع الزوائد، ۱۰: ۳۷۴ (روایت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)

۲۵۔ سنن الدارمی، ۲: ۲۳۵، رقم حدیث: ۲۸۰۷

۲۶۔ تفسیر النسائی، ۱: ۶۴۸، سورہ الاسراء، قولہ تعالیٰ: ذریۃ من حملنا مع نوح، رقم حدیث: ۳۰۶

بِتِلْکَ الْمَحَامِدِ، وَ أَخِرُّ لَهُ سَاجِدًا، فَيُقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِرْفَعْ رَأسَکَ، وَ قُلْ يُسْمَعُ لَکَ، وَ سَلْ تُعْطَ، وَ اشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ، أُمَّتِی أُمَّتِی، فَيَقُوْلُ: اِنْطَلِقْ، فَأَخْرِجْ مِنْهَا مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهِ مِثْقَالَ شَعِيْرَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ، فَأَنْطَلِقَ فَأفْعَلُ، ثُمَّ أعُوْدُ، فَأَحْمَدُهُ بِتِلْکَ الْمَحَامِدِ، ثُمَّ أَخِرُّ لَهُ سَاجِدًا، فُيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ، اِرْفَعْ رَأْسَکَ، وَ قُلْ يُسْمَعَ لَکَ وَ سَلْ تُعْطَ، وَ اشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَقُوْلَ: يَا رَبِّ، أُمَّتِی أُمَّتِی، فَيُقَالُ انْطَلِقْ فَأَخْرِجْ مِنْهَا مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ. أَوْخَرْدَلَةٍ مِنْ إِيْمَانٍ، فَأَنْطَلِقُ، فَأَفْعَلُ، ثُمُّ أَعُوْدُ، فَأَحْمَدُهُ بِتِلْکَ الْمَحَامِدِ، ثُمَّ أَخِرُ لَهُ سَاجِدًا، فَيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ، اِرْفَعْ رَأسَکَ، وَ قُلْ يُسْمَعُ لَکَ، وَ سَلْ تُعْطَ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ، أُمَتِیْ، أُمَّتِی، فَيَقُوْلُ: اِنْطَلِقْ، فَأَخْرِجْ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ أَدْنَی أَدْنَی أَدْنَی مِثْقَالِ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ، فَأَخْرِجْهُ مِنَ النَّارِ، فَأَنْطَلِقَ فَأفْعَلُ۔

فَلَمَّا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِ أَنَسٍ قُلْتُ لِبَعْضِ أَصْحَابِنَا: لَوْ مَرَرْنَا بِالْحَسَنِ، وَ هُوَ مَتَوارٍ فِیْ مَنْزِلِ أَبِیْ خَلِيْفَةَ، فَحَدَّثْنَاهُ بِمَا حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِکٍ، فَأَتَيْنَاهُ، فَسَلَّمْنَا عَلَيْهِ، فَأَذِنَ لَنَا، فَقُلْنَا لَهُ: يَا أَبَا سَعِيْدٍ، جِئْنَاکَ مِنْ عِنْدِ أَخِيْکَ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ، فَلَمْ نَرَ مِثْلَ مَا حَدَّثْنَا فِیْ الشَّفَاعَةِ، فَقَالَ: هِيْهِ، فَحَدَّثْنَاهُ بِالْحَدِيْثِ، فَانْتَهٰی إِلٰی هٰذَا الْمَوْضِعِ، فَقَالَ: هِيْهِ، فَقُلْنَا لَهُ: لَمْ يَزِدْ لَنَا عَلَی هَذَا، فَقَالَ: لَقَدْ حَدَّثَنِیْ. وَ هُوَ جَمِيْعٌ. مُنْذُ عِشْرِيْنَ سَنَةً، فَلَا أَدْرِیْ: أَنَسِیَ، أَمْ کَرِهَ أَنْ تَتَّکِلُوْا، فَقُلْنَا: يَا أَبَا سَعِيْدٍ، فَحَدَّثْنَا، فَضَحِکَ، وَ قَالَ: خُلِقَ الْإِنْسَانُ عَجُوْلًا، مَا ذَکَرْتُهُ إِلَّا وَأَنَا أُرِيْدُ أَنْ أُحَدِّثَکُمْ، حَدَّثَنِیْ کَمَا حَدَّثَکُمْ بِهٖ، قَالَ: ثُمَّ أَعُوْدُ الرَّابِعَةَ،

فَأَحْمَدُهُ بِتِلْکَ الْمَحَامِدِ، ثُمَّ أَخِرُّلَهُ سَاجِدًا، فَيُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ، إِرْفَعْ رَأْسَکَ، وَ قُلْ يُسْمَعْ، وَ سَلْ تُعْطَه، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَقُوْلُ: يَا رَبِّ، ائْذَنْ لِيْ فِيْمَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، فَيَقُوْلُ: وَ عِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ، وَ کِبْرِيَائِيْ وَعَظَمَتِيْ: لَأُخْرِجَنَّ مِنْهَا مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہمیں حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتاتے ہوئے فرمایا: قیامت کے روز لوگ دریا کی موجوں کی مانند بے قرار ہونگے تو وہ حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کریں گے کہ اپنے رب کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے، وہ فرمائیں گے، میں اس کام کے لئے نہیں ہوں تم ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ! کیونکہ وہ اللہ کے خلیل ہیں۔ پس وہ حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی خدمت میں حاضر ہوجائیں گے جس پر وہ فرمائیں گے کہ میں اس کے لئے نہیں ہوں تم حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کے پاس جاؤ کیونکہ وہ کلیم اللہ ہیں، پس وہ حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کی خدمت میں جائیں گے، وہ فرمائیں گے کہ میں اس کام کے لئے نہیں ہوں، لیکن تم حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے پاس جاؤ۔ کیونکہ وہ روح اللہ اور اس کا کلمہ ہیں۔ پس وہ حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے پاس جائیں گے وہ فرمائیں گے میں اس کام کے لئے نہیں تم حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جاؤ، پس وہ میرے پاس حاضر ہوجائیں گے، تو میں کہوں گا کہ ہاں! یہ تو میرا کام ہے۔ پس میں اپنے رب سے اجازت طلب کروں گا تو مجھے اجازت مل جائے گی اور مجھے ایسے حمد یہ کلمات الہام کئے جائیں گے جن کے ساتھ میں اللہ کی حمد وثنا کرونگا وہ اب مجھے مستحضر نہیں ہیں۔ پس میں ان محامد سے اس کی تعریف وتوصیف بیان کرونگا اور اس کے حضور سجدہ ریز ہوجاؤں گا۔ پس مجھے کہا جائے گا کہ اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور کہو کہ تمہاری سنی جائے گی، مانگو کہ تمہیں دیا جائے گا اور شفاعت کرو کہ تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔ میں عرض کروں گا اے میرے رب! میری امت، میری امت پس فرمایا جائے گا کہ جاؤ اور جہنم سے اسے

نکالو جس کے دل میں جو کے برابر بھی ایمان ہو پس میں جا کر یہی کرونگا۔ پھر واپس آ کر ان محامد کے ساتھ اس کی حمد و ثنا بیان کرونگا اور اس کے حضور سجدہ ریز ہو جاؤں گا پھر کہا جائے گا کہ اے محمد ﷺ اپنا سر اٹھاؤ اور کہو کہ تمہاری سنی جائیگی، مانگو کہ تمہیں دیا جائے گا اور شفاعت کرو کہ تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔ میں عرض کرونگا اے میرے رب! میری امت، میری امت! پس فرمایا جائے گا کہ جاؤ اور جہنم سے اسے بھی نکال لو جس کے دل میں ذرے کے برابر یا رائی کے برابر بھی ایمان ہو۔ پس میں جا کر ایسے ہی کرونگا پھر واپس آ کر انہی محامد کے ساتھ اس کی حمد و ثناء بیان کروں گا اور پھر اس کے حضور سجدے میں چلا جاؤں گا۔ پس فرمایا جائے گا اے محمد ﷺ! اپنا سر اٹھاؤ اور کہو کہ تمہاری سنی جائے گی، مانگو کہ تمہیں دیا جائے گا اور شفاعت کرو کہ تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔ میں عرض کرونگا اے رب میری امت، میری امت۔ پس فرمایا جائے گا کہ جاؤ اور اسے بھی جہنم سے نکال لؤ جس کے دل میں رائی کے دانے سے بھی بہت ہی کم ایمان ہو۔ پس میں خود جاؤں گا اور جا کر ایسا ہی کروں گا۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں: میں چوتھی دفعہ واپس لوٹوں گا اور اسی طرح اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرونگا، پھر اس کے حضور سجدہ ریز ہو جاؤں گا۔ پس اللہ فرمائے گا اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور کہو کہ تمہاری سنی جائے گی اور مانگو کہ تمہیں دیا جائے گا اور شفاعت کرو کہ تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔ میں عرض کرونگا اے رب! مجھے ان کی (شفاعت کی) اجازت بھی دیجیے، جنہوں نے لا الہ الا اللّٰہ کہا ہے پس وہ فرمائے گا مجھے اپنی عزت و جلال اور اپنی کبریائی و عظمت کی قسم! میں انہیں ضرور دوزخ سے نکال دوں گا۔ جنہوں نے لا الہ الا اللّٰہ کہا ہے۔

فصل نمبر۲

## بیان بعثِ اللہ عزوجل النبی الکریم ﷺ المقام المحمود

### ﴿حضور نبی اکرم ﷺ کا مقامِ محمود پر فائز ہونا﴾

۲۔ عَنْ اٰدَمَ بن عَلِیٍّ قَالَ سَمِعْتُ ابنَ عُمَرَ رضی اللہ عنہ یقول ان النَّاسَ یَصِیْرُوْنَ یَومَ القِیَامَۃِ جُثًی کُلُّ اُمَّۃٍ تَتبَعُ نَبِیَّھَا یَقُوْلُوْنَ یَا فُلَانُ اشفَعْ یَا فُلَانُ اشفَعْ حَتّٰی تَنْتَھِیَ الشَّفَاعَۃُ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَذٰلِکَ یَومَ یَبْعَثُہُ اللّٰہُ المَقَامَ الْمَحْمُودَ۔

آدم بن علی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے روز لوگ گروہ در گروہ اپنے اپنے نبی کے پیچھے پیچھے چلیں گے۔ اور عرض کریں گے کہ اے نبی! ہماری شفاعت فرمائیے۔ اے نبی! ہماری شفاعت فرمائیے۔ حتی کہ طلب شفاعت کا سلسلہ حضور نبی اکرم ﷺ پر آ کر ختم ہو جائے گا اور یہ وہ دن ہے جب اللہ

---

(۲) ۱۔ صحیح البخاری، ۲: ۶۸۶۔ کتاب التفسیر، باب سورہ بنی اسرائیل، رقم حدیث: ۴۴۴۱

۲۔ جامع الترمذی، ۲: ۱۴۲، ابواب التفسیر، من سورۃ بنی اسرائیل، رقم حدیث: ۳۱۳۷

۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۲: ۴۴۱، ۴۴۴، ۴۷۸، ۵۲۸

۴۔ شعب الایمان للبیہقی، ۱: ۲۸۱، رقم حدیث: ۲۹۹

۵۔ دلائل النبوۃ للبیہقی، ۵: ۴۸۴

۶۔ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۸: ۳۷۲

۷۔ مسند ابی داؤد الطیالسی، رقم حدیث: ۴۱۴

۸۔ کتاب الاحوال لابن ابی الدنیا، رقم حدیث: ۱۵۲

۹۔ الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ، ۲: ۲۹۰

تعالیٰ آپ ﷺ کو مقام محمود پر فائز فرمائے گا۔

- حافظ المنذریؒ نے الترغیب والترھیب ۴:۴۳۵ پر اس کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔
- ابن جریرؒ نے اپنی تفسیر ۱۵:۹۷ پر اس کو حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے۔

**۳۔عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ فَأُكْسىَ الْحُلَّةَ مِنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ أَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ لَيْسَ أَحَدٌ مِنَ الْخَلَائِقِ، يَقُوْمُ ذَالِکَ الْمَقَامَ غَيْرِیْ۔**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں ہی وہ پہلا شخص ہوں جس پر سب سے پہلے زمین شق ہوگی بس مجھے جنت کے لباس میں سے ایک حلہ پہنایا جائے گا۔ اس کے بعد میں عرش کے دائیں جانب اعلیٰ مقام پر کھڑا ہوں گا جہاں میرے سوا مخلوق میں سے کوئی دوسرا کھڑا نہیں ہوگا۔

- یہ حدیث حسن غریب ہے۔

**۴۔عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ''وَاِنِّی لَأَقُوْمُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ'' فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ: يَا رَسُوْلَ اللهِ وَ مَا ذَاکَ الْمَقَامُ الْمُحْمُوْدُ؟ قَالَ: ذَاکَ إِذَا جِئْیَ بِكُمْ عُرَاةً، حُفَاةً، غُرْلًا، فَيَكُوْنُ اوّلُ مَنْ يُّكْسَى إِبْرَاهِيْمَ عليه السلام، يَقُوْلُ اللهُ سُبْحَانَهٗ: اَلْبِسُوْا خَلِيْلِیْ، فَيُؤْتٰی**

---

(۳) ۱۔ جامع الترمذی، ۲:۲۰۲، ابواب المناقب باب فی فضل النبی ﷺ، رقم حدیث: ۳۶۱۱
۳۔ نهاية بداية النهلية، ۱۰:۲۶۳
۴۔ سنن الدارمی، ۲:۲۳۳، کتاب الرقاق، باب فی شان الساعة ونزول الرب تعالیٰ، رقم حدیث: ۲۸۰۲

(۴) ۱۔ مسند احمد بن حنبل، ۱:۳۹۸
۲۔ الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ، ۲:۲۹۰

**بِرَيُطَتَيُنِ بَيُضَاوَيُنِ فَيَلُبَسُهُمَا ثُمَّ يَقُعُدُ فَيَسُتَقُبِلُ الْعَرُشَ، ثُمَّ أُوُتٰی بِکِسُوَتِیُ، فَاَلُبَسُهُمَا، فَاَقُوُمُ عَنُ يَمِيُنِهٖ مَقَامًا لَّا يَقُوُمُهٗ أحَدٌ غَيُرِیُ، يَغُبِطُنِیُ بِهِ الْاَوَّلُوُنَ وَلْآخِرُوُنَ‘‘**

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں روز قیامت مقام محمود پر کھڑا ہوں گا پس انصار میں سے ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! مقام محمود سے کیا مراد ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس دن تمہیں ننگے اور غیر مختون اکٹھا کیا جائے گا پس اس دن سب سے پہلے جس کو پہناوا پہنایا جائے گا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہوں گے۔ اللہ سبحانہ وتعالی فرمائے گا۔ میرے خلیل کو پہناؤ۔ پس دو سفید ملائم کپڑوں کو لایا جائے گا۔ پس حضرت ابراہیم علیہ السلام انہیں پہنیں گے۔ پھر آپ عرش کی جانب رخ کر کے تشریف فرما ہوں گے۔ ان کے بعد مجھے پہناوا لا دیا جائے گا میں اسے پہنوں گا۔ میں عرش کے دائیں جانب ایسے مقامِ رفیع پر کھڑا ہوں گا جہاں میرے سوا کوئی اور نہیں ہوگا، مجھ پر اولین و آخرین رشک کریں گے‘‘

**۵۔ وقال حُذَيُفَةُ: يَجُمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ فِیُ صَعِيُدٍ وَّاحِدٍ حَيُثُ يَسُمَعُهُمُ الدَّاعِیُ، و يَنُفُذُهُمُ الْبَصَرُ، حُفَاةً کَمَا خُلِقُوُا، سَکُوُتًا لَّا تَکَلَّمَ نَفُسٌ اِلَّا بِاِذُنِهٖ، فَيُنَادِیُ مُحَمَّدُ فَيَقُوُلُ: لَبَّيُکَ وَ سَعُدَيُکَ، وَالْخَيُرُ فِیُ يَدَيُکَ،**

---

(۵) ۱۔ الشفاء بتعریف حقوق المصطفی، ۱: ۲۹۲ ۶۔ مجمع الزوائد، ۱۰: ۳۷۷
۲۔ معجم الاوسط، ۲: ۳۶، رقم حدیث: ۱۰۶۲ ۷۔ الدر المنثور، ۴: ۱۹۷
۳۔ مسند ابوداؤد الطیالسی، رقم حدیث: ۴۱۴ ۸۔ تفسیر النسائی، ۱: ۶۶۰، سورہ الاسراء قولہ تعالیٰ: عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا، رقم حدیث: ۳۱۴
۴۔ المستدرک، ۲: ۲۶۳
۵۔ حلیۃ الاولیاء، ۱: ۲۷۸

وَلَکَ وَإِلَیْکَ، لاَ مَلْجَأَ وَلَا مَنْجیٰ مِنْکَ إِلَّا إِلَیْکَ، تَبَارَکْتَ وَ تَعَالَیْتَ، سُبْحَانَ رَبَّ البَیْتِ، قَالَ : فَذٰلِکَ الْمُقَامُ الْمحمُوْدُ الّذِیْ ذَکَرَ اللّٰہُ۔

حضرت حدیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ روزِ آخرت لوگوں کو ایک ہموار میدان میں اکٹھا فرمائے گا۔ جہاں پکارنے والے کی آواز کو سب سن سکیں گے۔ اور سب نظر آتے ہوں گے۔ لوگ اسی طرح ننگے ہوں گے جس طرح پیدا ہوئے تھے اور سب خاموش ہوں گے اذنِ الٰہی کے بغیر کسی کو بولنے کی جرات نہیں ہو گی۔ (اللہ رب العزت) آواز دے گا محمد! حضور فرمائیں گے: اے اللہ! میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوں۔ ساری بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے، بھلائی تیرے لئے اور تیری طرف ہے۔ تیرا بندہ تیری بارگاہ میں حاضر ہے۔ میں تیرے ہی لئے ہوں اور میری دوڑ تیری ہی جانب ہے۔ تیری بارگاہ کے سوا کوئی پناہ گاہ اور جائے نجات نہیں۔ تیری ذات بابرکات، بلند اور پاک ہے۔ اے بیت اللہ کے رب، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (جس جگہ کھڑے ہو کر آپ یہ حمد بیان کریں گے) وہی مقام محمود ہے جس کا قرآن کریم میں ذکر آیا ہے۔

٦۔ عَنْ اَنَسٍ قَالَ، حَدَّثَنَا نَبِیَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: إِنی لَقَائِمٌ أَنْتَظِرُ اُمَّتِیْ تَعْبُرُ عَلَی الصِّرَاطِ إِذْ جَاءَ نِیْ عِیْسٰی، فَقَالَ: ھَذِہِ الْاَنْبِیَاءُ قَدْ جَاءَ تْکَ؟ یَا مُحَمَّدُ یَشْتَکُوْنَ. اَوْقَالَ. یَجْتَمِعُوْنَ إِلَیْکَ. وَ یَدْعُوْنَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ أَنْ یفرِّق جَمْعَ الاُمَمِ إِلٰی حَیْثُ یَشَاءُ اللّٰہُ لَھُمْ لِغمِّ مَا ھُمْ فِیْہِ، وَالْخَلْقُ مُلْجمُوْنَ بِالْعَرَقِ فَامَّا الْمُوْمِنُ فَھُوَ عَلَیْہِ کالزَّکْمَۃِ، وَأَمَّا الْکَافِرُ فَیَتَغَشَّاہُ

(٦) ١۔ مسند احمد بن حنبل، ٣: ١٧٨

٢۔ نہایہ بدایۃ النہایۃ، ١٠: ٤٥٠

الْمَوْتُ، قَالَ: فَأَقُوْلُ يَا عِيسىٰ اُنتَظِرَ حَتَّى أَرْجِعَ إِلَيْکَ قَالَ فَذَهَبَ نَبِيُّ اللّٰهُ حَتّٰى قَامَ تَحتَ اَلعرشِ فَلَقِيَ مَا لَمْ يَلْقَ نَبِيٌّ مُصْطَفی وَلا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ. فَأَوْحَى اللهُ عزّوَجلَّ اِلٰى جِبْرِيلَ إِذْهَبْ اِلٰى مُحَمَّدٍ فَقُلْ لَّهُ اِرْفَعْ رَأْسَکَ سَلْ تُعْطَ وَ اشْفَعْ تُشَفَّعْ، قَالَ فَشَفَّعْتُ فِيْ اُمَّتِيْ أنْ اُخْرِجَ مِنْ كُلِّ تِسْعَةٍ وَ تِسْعِيْنَ اِنْسَاناً وَّاحِداً قَالَ فَمَازِلْتُ أَتَرَدَّدُ عَلٰى رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ فَلَا اَقُوْمُ بيْنَ يَدَيْهِ مَقامًا الَّا شُفِعْتُ، حَتّٰى أعطانِيَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ ذَالِکَ أنْ قَالَ يَا مُحَمَّدُ أَدْخِلْ مِنْ اُمَّتِکَ مِنْ خَلَقِ اللهِ عَزَّوَجلَّ مَنْ شَهِدَ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يومًا وَاحِداً مُخْلَصًا وَّ مَاتَ عَلٰى ذَالِکَ۔

❁ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں پل صراط پر اپنی امت کا عبور کرتے ہوئے انتظار کروں گا کہ اس اثناء میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائیں گے وہ کہیں گے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ انبیاء آپ کے پاس التجا لے کر آئے ہیں یا تیرے پاس اکھٹے ہیں (راوی کو شک ہے) اللہ تعالیٰ سے عرض کرتے ہیں کہ تمام گروہوں کو وہ اپنی منشاء کے مطابق الگ کر دے تاکہ انہیں پریشانی سے نجات مل جائے۔ اس دن لوگ اپنے پسینوں میں ڈوبے ہوں گے مومن پر اس کا اثر ایسے ہوگا جیسے زکام میں (ہلکا پُھلکا پسینہ) اور جو کافر ہوگا اسے موت نے آلیا ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پس میں کہوں گا اے عیسیٰ ذرا ٹھریئے جبتک کہ میں تیرے پاس لوٹوں۔ کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے جائیں گے یہاں تک کہ عرش کے نیچے کھڑے ہوں گے پس آپ کو وہ شرف باریابی حاصل ہوگا جو کسی برگزیدہ نبی کو حاصل ہو نہ کسی نبی مرسل کو۔ پھر اللہ تعالیٰ حضرت جبریل علیہ السلام کو وحی فرمائے گا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جا کر کہو سر انور اٹھایئے۔ مانگ تجھے عطا کر دیا جائے گا۔ شفاعت کر تیری

شفاعت قبول کی جائے گی۔ حضور ﷺ نے فرمایا پس میں اپنی امت کی شفاعت کروں گا۔ ہر ۹۹ لوگوں میں سے ایک کو نکالتا جاؤں گا، آپ ﷺ نے فرمایا میں بار بار اپنے رب کے حضور جاؤں گا اور جب بھی اس کے حضور کھڑا ہونگا، شفاعت کروں گا۔ حتی کہ اللہ تعالی مجھے شفاعت کا مکمل اختیار عطا فرمائے گا اور فرمائے گا اے محمد اللہ کی مخلوق، اپنی امت میں سے اس شخص کو بھی جنت میں داخل کردے جس نے ایک دن بھی اخلاص کے ساتھ یہ گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور اسی پر اس کی موت آئی ہو۔

**۷۔ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: اَلْمُقَامُ الْمَحْمُوْدُ الشَّفَاعَةُ۔**

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ’’مقام محمود‘‘ شفاعت ہے۔

**۸۔ عَنْ کَعْبِ بْنِ مَالِکٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: یُبْعَثُ النَّاسُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فَأَکُوْنُ أَنَا وَأُمَّتِیْ عَلَی تَلٍّ فَیَکْسُوْنِیْ رَبِّیْ حُلَّةً خَضْرَاءَ، فَاَقُوْلُ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ اَقُوْلَ فَذٰلِکَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ۔**

---

(۷) ۱۔ مسند احمد بن حنبل، ۲: ۴۴۴، ۴۷۸
۲۔ شعب الایمان للبیہقی، ۱: ۲۸۱، رقم حدیث: ۲۹۹
۳۔ الدر المنثور، ۴: ۱۹۷
۴۔ حلیۃ الاولیاء، ۸: ۳۷۲

(۸) ۱۔ معجم الکبیر للطبرانی، ۱۹، رقم حدیث: ۱۴۲
۲۔ صحیح ابن حبان، ۱۴: ۳۹۹، رقم حدیث: ۶۴۷۹
۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۳: ۴۵۶ ۔
۴۔ المستدرک، ۴: ۵۷۰
۵۔ الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ، ۲: ۲۹۰
۶۔ نہایۃ بدایۃ النہایۃ، ۱۰: ۲۶۱

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش
www.MinhajBooks.com

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں اور میری امتی روز قیامت ایک ٹیلے پر جمع ہوں گے پس میرا پروردگار مجھے سبز رنگ کا لباسِ فاخرہ پہنائے گا اس مقام میں اللہ رب العزت کی منشاء کے مطابق حمد وثناء کروں گا اور یہی مقام محمود ہے۔

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۳

# بيان إرضاء اللّٰه عزوجل نبيه صلی اللہ علیہ وسلم بالشفاعة

## اللہ تعالیٰ کا اپنے نبی کو اذنِ شفاعت دیکر راضی کرنا

۹۔عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم تَلاَ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰی فِیْ إِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلامَ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ کَثِیْرًا مِنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ الایة وَ قَالَ عِیْسٰی علیہ السلام: ﴿اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُکَ وَاِنْ تَغْفِرْلَهُمْ فَاِنَّکَ أَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمِ﴾ فَرَفَعَ یَدَیْهِ وَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ وَ بَکٰی فَقَالَ اللّٰهُ یَا جِبْرِیْلُ إذهَبْ إِلٰی مُحَمَّدٍ وَ رَبُّکَ اَعْلَمُ فَسَلْهُ مَا یُبْکِیْکَ فَاتَاهُ جِبْرِیْلُ علیہ السلام فَسَئَالَهُ فَأَخْبَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِمَا قَالَ وَ هُوَ أَعْلَمُ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی یَا جِبْرِیْلُ اذْهَبْ إِلٰی مُحَمَّدٍ فَقُلْ اِنَّا سَنُرْضِیْکَ فِیْ اُمَّتِکَ وَ لَا نَسُوْکَ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم سے حضرت ابرہیم علیہ السلام کے اس قول کی تلاوت فرمائی (ترجمہ) ’’اے میرے رب ان بتوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر ڈالا ہے پس جس نے میری پیروی کی وہ تو میرا ہے اور جس نے میری نافرمانی کی تو بے شک تو بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے‘‘ اور وہ آیت

(۹) ا۔ صحیح مسلم، ۱: ۱۳۰، کتاب الایمان، باب دعاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم لامتہ، رقم حدیث: ۲۰۲

۲۔ نہایۃ بدایۃ النہایۃ، ۱۰: ۴۵۵

۳۔ شعب الایمان، ۱: ۲۸۳، رقم حدیث: ۳۰۳

پڑھی جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہ قول ہے (ترجمہ) ''اے اللہ اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ تیرے (ہی) بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے تو بے شک تو ہی بڑا غالب حکمت والا ہے'' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک اٹھا کر عرض کی، اے اللہ میری امت! میری امت! اور آپ پر گریہ طاری ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے جبرئیل! محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے پاس جاؤ اور ان سے معلوم کرو (حالانکہ اللہ تعالیٰ کو خوب علم ہے) کہ ان پر اس قدر گریہ کیوں طاری ہے؟ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معلوم کر کے اللہ تعالیٰ کو خبر دی (حالانکہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے) اللہ تعالیٰ نے جبرئیل علیہ السلام سے کہا اے جبریل! محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ آپ کی امت کی بخشش کے معاملہ میں ہم آپ کو راضی کر دیں گے اور آپ کو رنجیدہ نہیں کریں گے۔

۱۰۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لِلْاَنْبِيَاءِ مَنَابِرَ مِنْ ذَهَبٍ قَالَ فَيَجْلِسُوْنَ عَلَيْهَا وَ يَبْقٰى مِنْبَرِيْ لَاأَجْلِسُ عَلَيْهِ أَوْلَا أَقْعُدُ عَلَيْهِ قَائِمًا بَيْنَ يَدَيَّ رَبِّيْ مَخَافَةً اَنْ يَبْعَثَ بِيْ إِلَى الْجَنَّةِ وَ يَبْقٰى اُمَتِيْ مِنْ بَعْدِيْ فَاَقُوْلُ يَا رَبِّ اُمَّتِيْ اُمَّتِيْ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَا مُحَمَّدُ مَا تُرِيْدُ اَنْ اَصْنَعَ بِاُمَّتِکَ فَأَقُوْلُ يَا رَبِّ عَزَّوَجَّل حِسَابُهُمْ فَيُدْعٰى بِهِمْ فَيُحَاسَبُوْنَ فَمِنْهُمْ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِيْ فَمَا أَزَالُ أَشْفَعُ حَتّٰى اُعْطٰى صَكًا كَا بِرِ جَالٍ قَدْ بُعِثَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ وَ أَتٰى مَالِکَ خَازِنُ النَّارِ فَيَقُوْلُ يَا مُحَمَّدُ مَا تَرَكْتَ لِلنَّارِ لِغَضَبِ رَبِّکَ فِيْ اُمَّتِکَ مِنْ بَقِيَّةٍ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا (قیامت

---

(۱۰) المستدرک للحاکم، ۱: ۶۵، ۲۲

کے دن) تمام انبیاء علیہم السلام کے لئے سونے کے منبر بچھائے جائیں گے وہ ان پر بیٹھیں گے اور میرا منبر خالی رہے گا میں اس پر نہ بیٹھوں گا بلکہ اپنے رب کریم کے حضور کھڑا رہونگا اس ڈر سے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ مجھے جنت میں بھیج دے اور میری امت، میرے بعد کہیں بے یارو مددگار رہ جائے۔ اس لئے عرض کرونگا اے میرے رب! میری امت، میری امت۔ اللہ تعالی فرمائے گا اے محمد! تیری کیا مرضی ہے تیری امت کے ساتھ کیا سلوک کروں۔ حضور نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں میں عرض کرونگا اے میرے رب ان کا حساب جلدی فرمادے۔ بس ان کو بلایا جائے گا اور ان کا حساب ہوگا، کچھ ان میں سے اللہ کی رحمت سے جنت میں داخل ہونگے اور کچھ میری شفاعت سے، **میں شفاعت کرتا رہوں گا یہاں تک کہ میں ایسے لوگوں کی رہائی کا پروانہ بھی حاصل کرلوں گا جنہیں دوزخ میں بھیجا جاچکا تھا یہاں تک کہ مالک داروغہ جہنم عرض کرے گا اے محمد ﷺ آپ نے اپنی امت میں سے کوئی بھی آگ میں باقی نہیں چھوڑا کہ جس پر اللہ رب العزت ناراض ہو۔**

**١١۔ عَنْ عَلِیّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: أَشْفَعُ لِأُمَّتِی حَتّٰی يُنَادِيْنِی رَبِّی عَزَّوجَلَّ فَيَقُوْلُ: أَرَضِيْتَ يَا مُحَمَّدُ؟ فَأَقُوْلُ: نَعَمْ رَضِيْتُ۔**

سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اپنی امت کے لئے شفاعت کرتا رہوں گا۔ حتی کہ میرا رب مجھے ندا دے گا اور پوچھے گا ”اے محمد! کیا آپ راضی ہو گئے چنانچہ میں عرض کروں گا۔ ہاں! میں راضی ہو گیا“۔

---

(١١) ١۔ المعجم الاوسط للطبرانی، ٣: ٤٤، رقم حدیث: ٢٠٨٤

٢۔ نہایہ بدایۃ النہایہ، ١٠: ٤٥٧

٣۔ حلیۃ الاولیاء، ٣: ١٧٩

## فصل نمبر۴

# بیان کون النبی ﷺ اوّل شافع و مشفع

### حضور ﷺ کا سب سے پہلے شفیع اور مقبول الشفاعت ہونا

۱۲۔ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: أَنَا اَوَّلُ شَفِیْعٍ فِیْ الْجَنَّةِ لَمْ یُصَدَّقْ نَبِیٌّ مِنَ الْاَنبِیَآءِ مَا صُدِّقْتُ وَ اِنَّ مِنَ الْاَنبِیَاءِ نَبِیًّا مَا یُصَدِّقُهُ مِنْ اُمَّتِهٖ اِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے پہلے میں جنت کی شفاعت کروں گا۔ انبیائے کرام میں سے کسی بھی نبی کی اتنی تصدیق نہیں کی گئی جتنی میری تصدیق کی گئی ہے۔ انبیاء میں بعض نبی تو ایسے ہیں کہ ان کی امت میں ایک شخص کے علاوہ اور کسی نے ان کی تصدیق نہیں کی۔

۱۳۔ عن ابن عَبَّاسٍ قَالَ جَلَسَ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ

---

(۱۲) ۱۔ صحیح مسلم، ۱:۱۱۲، کتاب الایمان باب اثبات الشفاعۃ، رقم حدیث: ۱۹۶
۲۔ سنن ابن ماجہ: ۳۲۹، رقم حدیث: ۴۳۰۸
۳۔ سنن الدارمی، ۱:۳۱
۲۔ شعب الایمان، ۱ : ۲۸۴، رقم حدیث: ۳۰۷
۴۔ صحیح ابن حبان، ۱۴، رقم حدیث: ۶۴۷۸
۵۔ نہایۃ البدایہ، ۱۰:۴۳۹
(۱۳) ۱۔ جامع الترمذی، ۲:۲۰۲، ابواب الدعوات، باب ما جاء فی فضل النبی ﷺ، رقم حدیث: ۳۶۱۶
۶۔ تفسیر ابن کثیر، ۱:۵۶۰

يَنْتَظِرُوْنَهُ قَالَ فَخَرَجَ حَتّٰى اِذَا دَنَامِنْهُمْ سَمِعَهُمْ يَتَذَاكَرُوْنَ فَسَمِعَ حَدِيْثَهُمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ عَجَباً اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ و جَلَّ اتَّخَذَ مِنْ خَلْقِهٖ خَلِيْلًا اِتَّخَذَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا وَ قَالَ اٰخَرُ مَاذَا بِاَعْجَبَ مِنْ كَلَامِ مُوْسٰى كَلَّمَهُ تَكْلِيْماً وَ قَالَ اٰخَرَ فَعِيْسٰى كَلِمَةُ اللّٰهِ وَ رُوْحُهُ و قَالَ اٰخَرُ آدَمُ اصْطَفَاهُ اللّٰهُ فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ فَسَلَّمَ و قَالَ قَد سَمِعْتُ كَلَامَكُمْ و عَجَبَكُمْ اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللّٰهِ و هُوَ كَذٰلِكَ وَ مُوْسٰى نَجِيُّ اللّٰهِ وَ هُوَ كَذٰلِكَ وَ عِيْسٰى رُوْح اللهِ وَ كَلِمَتُهُ وَ هُوَ كَذٰلِكَ وَ آدَمُ اصْطَفَاهُ اللّٰهُ وَ هُوَ كَذَلِكَ اَلاوَ اَنا حَبِيْبُ اللهِ وَلا فَخْرَ و أَنَا حَامِلُ لِوَاءِ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلاَ فَخْرَ وَأَنَا اَوَّلُ شَافِعٍ وَ اَوَّلُ مُشَفَّعٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلافَخْرَ وَ أَنَا اَوَّلُ مَنْ يُحَرِّكُ حِلَقَ الْجَنَّةَ فَيَفْتَحُ اللّٰهُ لِیُ فَيُدْخِلُنِيْهَا وَ مَعِیَ فُقَرَآءُ الْمُؤمِنِيْنَ وَلا فَخرَ وَ أَنَا اَكْرَمُ الاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَلا فَخْرَ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتظار میں بیٹھے ہوئے تھے۔ اتنے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قریب پہنچے تو انہیں کچھ گفتگو کرتے ہوئے سنا (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سنا) ان میں سے بعض نے کہا تعجب کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل بنایا۔ دوسرے نے کہا یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اللہ تعالیٰ سے ہمکلام (کلیم اللہ) ہونے سے زیادہ تعجب خیز تو نہیں۔ ایک نے کہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کلمۃ اللہ اور روح اللہ ہیں کسی نے کہا اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو چن لیا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے۔ سلام کیا اور فرمایا: میں نے تمہاری گفتگو اور تمہارا تعجب کرنا سنا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ ہیں۔ بے شک وہ اسی طرح ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نجی اللہ ہیں۔ بے

شک وہ اسی طرح ہیں، حضرت عیسٰی علیہ السلام روح اللہ ہیں اور کلمۃ اللہ ہیں۔ واقعی وہ اسی طرح ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے چن لیا۔ وہ بھی یقیناً اسی طرح ہیں۔ مگر سنو! اچھی طرح آگاہ ہو جاؤ کہ (میری شان یہ ہے) میں اللہ کا حبیب ہوں اور (اس پر) کوئی فخر نہیں۔ میں قیامت کے دن (اللہ تعالیٰ کی) حمد کا جھنڈا اٹھانے والا ہوں اور کوئی فخر نہیں اور قیامت کے دن سب سے پہلے شفاعت کرنے والا میں ہوں گا اور سب سے پہلے میری ہی شفاعت قبول کی جائے گی اور کوئی فخر نہیں۔ سب سے پہلے جنت کا کنڈا کھٹکھٹانے والا بھی میں ہوں۔ اللہ تعالیٰ میری لئے اسے کھول دے گا اور مجھے اس میں داخل کر دے گا۔ میرے ساتھ فقیر و غریب مؤمن ہونگے اور کوئی فخر نہیں۔ میں اولین و آخرین میں سب سے زیادہ مکرم و معزز ہوں۔ لیکن کوئی فخر نہیں کرتا۔

۱۴۔ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أنَا سَیِّدُ وَلَدِ اٰدَمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَاَوَّلُ مَنْ یَنْشَقُّ عَنْهُ الْقَبْرُ وَ اَوَّلُ شَافِعٍ وَ اَوَّلُ مُشَفَّعٍ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام کی ساری اولاد کا سردار میں ہوں گا اور سب سے پہلے میری قبر شق ہو گی۔ میں سب سے پہلے شفاعت کرنے والا ہوں اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول کی جائے گی۔

✿ یہ حدیث حسن لغیرہ ہے۔

---

(۱۴) ۱۔ صحیح مسلم، ۲: ۲۴۵، کتاب الفضائل، باب فی التخییر بین الانبیاء، رقم حدیث: ۴۶۷۳
باب تفضیل نبینا ﷺ علی جمع الخلائق،
رقم حدیث: ۲۲۷۸
۲۔ سنن ابی داؤد، ۲: ۲۹۴، کتاب السنہ،
۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۲: ۵۴۰
۴۔ مسند احمد بن حنبل، ۳: ۲

فصل نمبر ۵

# بیان دعاء النبی ﷺ للشفاعة

## ﴿حضور ﷺ کی دعائے شفاعت کا بیان﴾

۱۵۔ عن أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لِکُلِّ نَبِیٍّ دَعْوَةٌ، فَاُرِیْدُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَخْتَبِیءَ دَعْوَتِیْ، شَفَاعَةً لِأُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کی ایک مقبول دعا ہوتی ہے۔ پس میں نے چاہا کہ اپنی دعا کو محفوظ رکھ چھوڑوں تاکہ قیامت کے روز اپنی امت کی شفاعت کروں۔

❁ یہ حدیث صحیح ہے۔

---

(۱۵) ۱۔ صحیح البخاری، ۲: ۹۳۲، کتاب الدعوت، رقم حدیث: ۵۹۴۵۔
۲۔ صحیح البخاری، ۲: ۱۱۱۳، کتاب التوحید، باب فی المشیة والارادة، رقم حدیث: ۷۰۳۶۔
۳۔ صحیح مسلم، ۱: ۱۱۳، کتاب الایمان، باب اختباء النبی ﷺ دعوة الشفاعة لامته، رقم حدیث: ۱۹۸۔
۴۔ جامع الترمذی، ۲: ۲۰۰، کتاب الدعوات، باب فضل لاحول ولاقوة، رقم حدیث: ۳۶۰۲۔
۵۔ سنن ابن ماجہ: ۳۲۹، کتاب الزھد باب ذکر الشفاعة، رقم حدیث: ۴۳۰۷۔
۶۔ الموطاء، کتاب القرآن، باب ماجاء فی الدعا، ۱۹۶ (روایت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ)
۷۔ مسند احمد بن حنبل، ۱: ۲۸۱، ۲۹۵
۸۔ مسند احمد بن حنبل، ۲: ۲۷۵، ۳۱۳، ۳۸۱، ۳۹، ۴۰۹، ۴۲۶، ۴۳۰، ۴۸۶، ۴۸۷۔
۹۔ مسند احمد بن حنبل، ۳: ۱۳۴، ۲۰۸، ۲۱۸، ۲۵۸، ۲۷۶، ۲۸۶، ۲۹۲، ۳۸۴، ۳۹۶۔

❁ حافظ ابن کثیرؒ نے اپنی کتاب نہایۃ بدایۃ والنہایۃ ۱۰:۴۶۴ پر سیدنا ابو ہریرہؓ سے مروی روایت کو شرطِ شیخین پر صحیح قرار دیا ہے۔

❁ حافظ الہیثمی نے مجمع ۱۰/۳۷۱ پر طبرانی اور بزار کے حوالے سے اس روایت کے تمام رجال کو ثقہ قرار دیا ہے۔

---

==

۱۰۔ مصنف عبدالرزاق، ۱۱:۴۱۳۔

۱۱۔ سنن الکبریٰ، ۸:۱۷۔

۱۲۔ شعب الایمان ۲، رقم حدیث:۱۴۴۴۔

۱۳۔ مسند ابو یعلیٰ ۴: رقم حدیث: ۲۲۳۷۔

۱۴۔ مسند ابی عوانہ، ۹۰، ۹۱۔

۱۵۔ صحیح ابن حبان ۱۴، رقم حدیث: ۶۴۶۰، ۶۴۶۱۔

۱۶۔ المعجم الاوسط، ۲: رقم حدیث: ۱۷۴۸۔

۱۷۔ سنن دارمی، ۲: ۲۳۳۵۔

۱۸۔ شرح السنہ، ۵، رقم حدیث: ۱۲۳۵۔

۱۹۔ الشریعہ، ۳۴۰، ۳۴۱، ۳۴۲، ۳۴۳۔

۲۰۔ نہایۃ بدایۃ النہایہ، ۱۰: ۴۶۳، ۴۶۴۔

۲۱۔ مجمع الزوائد، ۱۰: ۳۷۱۔

**١٦ ـ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ عَقِیْلِ الثَّقَفِیْ قَالَ: قَدِمْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِیْ وَفْدِ ثَقِیْفٍ فَعَقَلْنَا طَرِیْقاً مِّنْ طُرُقِ الْمَدِیْنَةِ حَتّٰی أَنَخْنَا بِالْبَاب، وَ مَا فِی النَّاسِ رَجُلٌ أَبْغَضَ إِلَیْنَا مِنْ رَجُلٍ یُوْلَجُ عَلَیْه مِنْهُ، فَدَخَلْنَا وَسَلَّمْنَا وَبَایَعْنَا فَمَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهٖ حَتّٰی مَا فِی النَّاسِ رَجُلٌ أَحَبَّ اِلَیْنَا مِنْ رَجُلٍ خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهٖ، فَقُلْتُ لَهٗ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَلَا سَاَلْتَ رَبَّکَ مُلْکاً کَمُلْکِ سُلَیْمَانَ، فَضَحِکَ وَ قَالَ: فَلَعَلَّ لِصَاحِبِکُمْ عِنْدَاللّٰهِ أَفْضَلُ مِنْ مُلْکِ سُلَیْمَانَ، انَّ اللّٰهَ لَمْ یَبْعَثْ نَبِیّاً الَّا**

أعطَاهُ اللّٰهُ دَعوَةً فَمِنهُم مّنْ اتخَّذَبِهَا دُنيَا فَأُعطِيهَا وَ مِنهُم مَنّ دَعَابِهَا عَلىٰ قَومِهٖ فَأُهلِكُوا بِهَا، وَاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَعطَانِىْ دعوَةً فَأختَبَأتُهَا عِندَ رَبِّىِ شَفَاعَةً لِأُمَّتِيِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

❁ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

حضرت عبدالرحمان بن ابی عقیل الثقفی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں وفد ثقیف کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گیا اور ہم نے دروازے پر اونٹ بٹھا دیئے۔ جس ہستی کے پاس ہم گئے تھے اس سے بڑھ کر کوئی شخص ہمیں ناپسندیدہ نہ تھا۔ بس ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہو کر سلام کیا اور بیعت کی اور ہم ان کی بارگاہ عالیہ سے اس حال میں واپس لوٹے کہ اب لوگوں میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بڑھ کر کوئی شخص ہمیں محبوب نہ تھا۔ پس میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا ''یا رسول اللہ! آپ نے اپنے رب سے حضرت سلیمان علیہ السلام کی بادشاہی کی طرح بادشاہی کی دعا کیوں نہیں کی؟ اس پر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرا پڑے، اور فرمایا شاید تمہارے صاحب کے لئے اللہ کے ہاں سلیمان علیہ السلام کی حکومت سے بڑھ کر (عطا و مقام) ہو۔ اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی ایسا نہیں بھیجا کہ جس کو ایک (مقبول) دعا عطا نہ کی ہو، پس ان میں سے کسی نے اس کے بدلے دنیا حاصل کر لی، جو اسے مل گئی، اور ان میں سے کسی نے اپنی (نافرمان) قوم کی ہلاکت کے لئے بددعا کی تو وہ ہلاک ہوگئی۔ اور بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی ایک دعا عطا فرمائی ہے اور میں نے اسے بروز قیامت اپنے رب

---

(۱۶) ۱۔ المستدرک، ۱: ۶۷، ۶۸
۲۔ البدایۃ النہایۃ، ۲: ۴۰۲
۳۔ مجمع الزوائد، ۱۰: ۳۷۱
۴۔ المطالب العالیہ، ۴: ۳۸۷
۵۔ دلائل النبوۃ للبیہقی، ۵: ۳۵۷

کے پاس اپنی امت کی شفاعت کے لئے بچا کر رکھا ہے۔

## فصل نمبر ٦

# بیان اختیار النبی ﷺ الشفاعة من أحد الامرین

## ﴿حضور ﷺ کا دو امور میں سے شفاعت کو اختیار کرنا﴾

١٧۔ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الاَشْجَعِيُّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَتَانِيْ

أَتٍ مِنْ عِنْدِ رَبِّیْ فَخَیَّرَنِیْ بَیْنَ اَنْ یُدْخِلَ نِصْفَ أُمَّتِی الجَنَّۃَ وَ بَیْنَ الشَّفَاعَۃِ فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَۃَ وَ ھِیَ لِمَنْ مَاتَ لَایُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئًا۔

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

میرے پاس اللہ کا پیغام آیا اور مجھے اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا کہ میری آدھی امت کو جنت میں داخل کر دے یا میں شفاعت کروں۔ میں نے شفاعت کو اختیار کر لیا اور یہ شفاعت ہر اس مسلمان کے لئے ہے جو شرک پر نہیں مرے گا۔

- امام حاکمؒ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری اور حضرت عوف بن مالک الاشجعی رضی اللہ عنہم سے اس روایت کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔
- اسی طرح حافظ الہیثمی نے اپنی کتاب مجمع الزوائد میں ۱۰:۳۷۰ پر درج کیا ہے کہ طبرانی نے اس روایت کو متعدد اسناد کے ساتھ نقل کیا ہے جن میں بعض کے تمام رجال ثقہ ہیں۔
- حافظ المنذری نے الترغیب والترھیب ۴:۴۳۲ پر بیہقیؒ کے حوالے سے اس

---

(۱۷) ۱۔ جامع الترمذی ۲:۶۷، ابواب صفۃ القیامہ، باب ماجاء فی الشفاعۃ، رقم حدیث: ۲۴۴۱
۲۔ سنن ابن ماجہ: ۳۳۰، رقم حدیث: ۴۳۱۷
۳۔ مسند احمد بن حنبل ۵:۲۳۲
۴۔ مسند احمد بن حنبل، ۶: ۲۳، ۲۴، ۲۸
۵۔ مسند احمد بن حنبل، ۴:۴۰۴، ۴۱۵
۶۔ مسند ابی داؤد الطیالسی، رقم حدیث: ۹۹۸
۷۔ مصنف عبدالرزاق، ۱۱، رقم حدیث: ۲۰۶۵
۸۔ معجم الکبیر للطبرانی، ۱۸، رقم حدیث: ۱۳۳، ۱۳۴، ۱۳۶، ۱۳۷، ۱۳۸
۹۔ صحیح ابن حبان، رقم حدیث: ۲۱۱
۱۰۔ صحیح ابن حبان، ۱۴، رقم حدیث: ۶۴۶۳، ۶۴۷۰
۱۱۔ صحیح ابن حبان، ۱۶، رقم حدیث: ۷۲۰۷
۱۲۔ الشریعہ للآجری: ۳۴۲
۱۳۔ المستدرک للحاکم: ۱۵، ۶۶، ۶۷

روایت کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔

**۱۸۔ عن ام حبیبة عن النبی ﷺ انه قال أریتُ ما تلقی اُمَّتِیُ مِنُ بَعُدِی و سَفُکِ بَعُضِهِمُ دِمَاءَ بَعضٍ وَ سَبَقَ ذٰلِکَ مِنَ اللّٰهِ کَمَا سَبَقَ فِیُ الْاُمَمِ قَبُلَهُمُ فَسَأَلْتُهُ أَن یُولِّیَنِی یُوُمَ الْقِیَامَةِ شَفَاعَةَ فِیُهِمُ فَفَعَلَ۔**

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے وہ احوال دکھائے گئے جو میرے بعد میری امت کو پیش ہوں گے بالخصوص ان کا ایک دوسرے کو قتل کرنا اور اس امر کا حتمی و قطعی فیصلہ علم الٰہی میں ہو چکا تھا جیسا کہ پہلے امتوں کے متعلق عذاب کے حتمی فیصلے علم الٰہی میں ہو چکے تھے۔ لہٰذا میں نے اللہ تعالیٰ سے یہ التجاء کی کہ وہ مجھے میری امت کے حق میں قیامت کے دن حق شفاعت عطا فرمائے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی کیا (میری التجاء قبول فرمالی)۔

❁ اس روایت کو امام حاکم نے نقل کیا ہے انہوں نے اس حدیث پاک کو شرط شیخین پر صحیح قرار دیا ہے۔

**۱۹۔ خُیِّرْتُ بَیْنَ الشَّفَاعَةِ وَ بَیْنَ اَنْ یَدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِیُ الْجَنَّةَ فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ لِاَنَّهَا أَعَمُّ وَ اَکْفَی اَتَرَوْنَهَا لِلْمُتَّقِیْنَ؟ لَا وَلٰکِنَّهَا لِلْمُذْنِبِیْنَ الْخَطَّائِیْنَ الْمُتَلَوِّثِیْنَ۔**

---

**(۱۸)** ۱۔ المستدرک، ۱: ۶۸

۲۔ فردوس الاخبار (للدیلمی)، ۱: ۴۸۵، حدیث رقم: ۱۶۱۹ (روایت ام سلمہ)

۳۔ نہایہ بدایة النہایہ، ۱۰: ۴۶۵

۴۔ الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ، ۲: ۲۹۱

مجھے اختیار دیا گیا کہ چاہے میں (قیامت کے روز) شفاعت کا حق اختیار کروں یا میری آدھی امت کو بغیر شفاعت جنت میں داخل کر دیا جائے پس میں نے شفاعت کو اختیار کر لیا کیونکہ وہ عام تر ہے۔تمہارے خیال میں وہ پرہیزگاروں کے لئے ہوگی؟ نہیں، بلکہ گناہ گاروں، خطا کاروں اور گناہوں سے آلودہ لوگوں کے لیے ہے۔

✿ یہ حدیث پاک صحیح ہے۔اس کے تمام رواۃ ثقہ ہیں اس کی اسناد کو حافظ المنذری نے الترغیب والترہیب (۴:۴۴۸) میں جید قرار دیا ہے۔

## فصل نمبر ۷

## بیان كون الشفاعة خاصة من خصائص النبي ﷺ

(۱۹) ۱۔سنن ابن ماجہ، ۳۲۹، کتاب الزھد، باب ذکر الشفاعة، رقم حدیث: ۴۳۱۱۔
۲۔مسند احمد بن حنبل، ۲: ۷۵۔

### ﴿شفاعت ...... خاصۂ مصطفیٰ ﷺ﴾

۲۰۔ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: أُعْطِيْتُ خَمْسًا لَمْ

يُعۡطَهُنَّ اَحَدٌ قَبۡلِیۡ. نُصِرۡتُ بِالرُّعۡبِ مَسِیۡرَةَ شَهۡرٍ وَ جُعِلَتۡ لِیَ الاَرۡضُ مَسۡجِداً وَّ طَهُوۡرًا فَاَیُّمَا رَجُلٍ مِنۡ اُمَّتِیۡ اَدۡرَکَتۡهُ الصَّلٰوۃُ فَلۡیُصَلِّ وَ اُحِلَّتۡ لِیَ الۡمَغَانِمُ وَ لَمۡ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبۡلِیۡ وَ اُعۡطِیۡتُ الشَّفَاعَةَ وَ کَانَ النَّبِیُّ یُبۡعَثُ

اِلٰی قَوۡمِهٖ خَآصَّةً وَ بُعِثۡتُ اِلَی النَّاسِ عَآمَّةً۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے ایسی پانچ چیزیں عطاء کی گئیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئیں۔ ایک ماہ کی مسافت تک رعب سے میری مدد فرمائی گئی۔ میرے لئے تمام روئے زمین مسجد اور پاک کرنیوالی (جائے تیمم) بنا دی گئی۔ لہٰذا میری امت میں سے جو شخص بھی (جہاں) نماز کا وقت پائے تو وہ وہیں پڑھ لے۔ میرے لئے مال غنیمت حلال کر دیا گیا۔ جو مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہ تھا۔ مجھے شفاعت عطا کی گئی' پہلے نبی ایک خاص قوم کی طرف مبعوث

---

(۲۰) ۱۔ صحیح البخاری' ۱:۴۸، کتاب التیمم، حدیث رقم:۳۲۸

۲۔ صحیح البخاری، ۱:۶۲، کتاب الصلوۃ باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم جعلت لی الارض مسجداً و طہوراً، رقم حدیث:۴۲۷

۳۔ صحیح مسلم' ۱:۱۹۹، کتاب المساجد و مواضع الصلوۃ: رقم حدیث:۵۲۱

۴۔ سنن النسائی، ۱:۳۰۷،۴۷، کتاب الغسل والتیمم، باب التیمم بالصعید، رقم حدیث:۴۳۲

۵۔ مسند احمد بن حنبل، ۱: ۲۵۰ (روایت ابن عباس رضی اللہ عنہ)

۶۔ مسند احمد بن حنبل، ۱:۳۰۱ (روایت ابن عباس رضی اللہ عنہ)

۷۔ مسند احمد بن حنبل، ۳:۳۰۴ (روایت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ)

۸۔ مسند احمد بن حنبل، ۴:۴۱۶ (روایت ابوموسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہ)

۹۔ مسند احمد بن حنبل، ۵: ۱۴۵، ۱۴۸، ۱۶۱، ۱۶۲ (راویت ابوذر رضی اللہ عنہ)

==

ہوتے تھے اور مجھے تمام لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا۔

- یہ حدیث صحیح ہے۔
- امام بیہقی کے نزدیک امام احمدؒ کی روایت کے رجال ثقہ ہیں۔
- حافظ منذریؒ نے بھی الترغیب والترھیب ۴:۴۳۳ پر اس حدیث کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔
- حافظ الہیثمی نے مجمع ۸/ ۲۶۹ پر حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت کر کے اس کی سند کو حسن قرار دیا۔
- مسند حمیدی میں ۴۲۱ پر حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے رجال صحیح سے یہ روایت مروی ہے۔
- حافظ ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر (۲: ۲۵۵ پر) میں اس کی اسناد کو جید قوی قرار دیا

---

==

۱۰۔ سنن الدارمی، ۲:۱۴۲، کتاب السیر، باب ان الغنیمۃ لاتحل لاحد قبلنا، رقم حدیث: ۲۴۷۰

۱۱۔ سنن الکبریٰ للبیہقی، ۱:۲۱۲

۱۲۔ سنن الکبریٰ، ۲:۳۲۹

۱۳۔ سنن الکبریٰ، ۲:۴۳۳

۱۴۔ سنن الکبریٰ، ۶:۲۹۱

۱۵۔ سنن الکبریٰ، ۹:۴

۱۶۔ شعب الایمان، ۱:۲۸۳، رقم حدیث: ۳۰۴، ۳۰۵

۱۷۔ شعب الایمان، ۲: رقم حدیث: ۱۴۷۹

۱۸۔ دلائل النبوۃ للبیہقی، ۵:۴۷۲-۴۷۳

۱۹۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۱، رقم الحدیث: ۱۱۰۴۷، ۱۱۰۸۵

۲۰۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۲: رقم حدیث: ۱۳۵۸۲

۲۱۔ المعجم الاوسط للطبرانی، ۸: رقم حدیث: ۷۴۳۵، ۷۴۶۷

۲۲۔ صحیح ابن حبان، ۱۴: رقم حدیث: ۶۳۹۸، ۶۳۹۹

۲۳۔ شرح السنہ، ۱۳: رقم حدیث: ۳۶۱۶

۲۴۔ البدایۃ والنہایہ، ۴: ۵۷۷، ۵۷۸، ۶۷۲

۲۵۔ البدایۃ والنہایہ، ۱۰: ۲۶۰، ۴۳۸

۲۶۔ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، ۸:۳۱۶

www.MinhajBooks.com

ہے۔

## فصل نمبر ۸

# بیان کون النبی صلی اللہ علیہ وسلم صاحب شفاعۃ انبیاء الکرام

### ﴿حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انبیاء علیہم السلام کو حق شفاعت دلانا﴾

۲۱۔ عَنِ الطُّفَیْلِ بْنِ اُبَیِ بْنِ کَعْبٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَة کُنْتُ اِمَامَ النَّبِیِّینَ وَ خَطِیْبَهُمْ وَ صَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ غَیْرَ

فَخرٍ۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں قیام [redacted] ساتھ گفتگو کرنے والا اور ان کو اللہ تعالیٰ سے شفاعت کا حق دلانے والا ہوں گا اور یہ بات بطور فخر کے نہیں کہہ رہا۔

❁ امام ترمذی کے نزدیک یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

❁ امام حاکمؒ نے اس کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔

۲۲۔ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رُسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم اَنَا اَوَّلُھُمْ خُرُوْجاً و أنَا قَائِدُھُمْ اِذَا وَفَدُوْا وَأَنَا خَطِیْبُھُمْ اِذَا انْصَتُوْا وَ اَنَا مُشَفِّعُھُمْ اِذَا حُبِسُوْا وَ أَنَا مُبَشِّرُھُمْ اِذَا أَیِسُوْا وَ الْکَرَامَۃُ وَالْمَفَاتِیْحُ یَوْمَئِذٍ بِیَدِیْ وَاَنَا اَکْرَمُ وُلْدِ اٰدَمَ عَلٰی رَبِّیْ یَطُوْفُ عَلَیَّ اَلْفُ خَادِمٍ کَاَنَّھُمْ بِیْضٌ مَکْنُوْنٌ أَوْلُؤْلُؤٌ مَنْثُوْرٌ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے روز

---

(۲۱) ۱۔ جامع الترمذی ۲:۲۰۱، ابواب المناقب، باب ما جاء فی فضل النبی صلی اللہ علیہ وسلم، رقم حدیث ۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۵:۱۳۷، ۲۔ سنن ابن ماجہ: ۳۳۰، ابواب الزھد باب ذکر الشفاعۃ، رقم حدیث: ۴۳۱۴ ۴۔ المستدرک، کتاب الایمان، ۱:۷۱ :۳۶۱۳

سب سے پہلے میں ہی اپنی قبر سے باہر نکلوں گا۔اور جب سب لوگ بارگاہ ایزدی میں حاضر ہونگے تو میں ان کا پیشوا ہونگا اور جب سب لوگ خاموش ہونگے تو میں ہی ان کا خطیب ہوں گا۔اور جب گرفتار ہوں گے تو میں ہی ان کی شفاعت کرونگا اور جب سب لوگ مایوس ہونگے تو میں ہی ان کو نجات کی خوش خبری دونگا۔ بزرگی اور جنت کی چابیاں اس روز میرے ہاتھ میں ہونگی۔میری عزت اللہ کے نزدیک سب اولاد آدم سے زیادہ ہے اس روز ہزار خادم میرے اردگرد ہونگے ایسا معلوم ہوگا کہ وہ (گرد وغبار سے محفوظ) سفید (خوبصورت) انڈے ہیں یا بکھرے ہوئے موتی ہیں۔

## فصل نمبر۹

---

(۲۲) سنن الدارمی۱: رقم حدیث:۴۹

www.MinhajBooks.com

## بیان رغبة سیدنا ابراهیم علیہ السلام فی شفاعة النبی صلی اللہ علیہ وسلم

## حضرت ابراہیم علیہ السلام کا حضور ﷺ کی شفاعت میں رغبت رکھنا

۲۳۔ عَنْ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ قَالَ کُنْتُ فِی الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ یُصَلِّی فَقَرَأَ قِرَاءَ ۃً أنْکَرْتُهَا عَلَیْهِ ثُمَّ دَخَلَ اٰخرُ فَقَرَأ قِرَأۃً سِوٰی قِرَاءَ ۃ صَاحِبِهٖ فَلَمَّا قَضَیْنَا الصَّلٰوۃَ دَخَلْنَا جَمِیْعًا عَلٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقُلْتُ اِنَّ هَذَا قَرَأَ قِرَاءَ ۃً أنْکَرْتُهَا عَلَیْهِ وَ دَخَلَ اٰخرَ فقرَأَ سِوٰی قِرَاءَ ۃ صَاحِبِهٖ فَأمَرَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَرَء آ فَحَسَّنَ النَّبِیُّ ﷺ شَأنَهُمَا فَسُقِطَ فِیْ نَفْسِیْ مِنَ التَّکْذِیْبِ وَلَا اِذْکُنْتُ فِی الْجَاهِلِیَّۃِ فَلَمَّا رَأیٰ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَا قَدْ غَشِیَنِیْ ضَرَبَ فِیْ صَدْرِیْ فَفِضْتُ عَرَقًا وَ کَاَنَّمَا أَنْظُرُ اِلٰی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فَرَقًا فَقَالَ لِیْ یَا اُبَیُّ اُرْسِلَ اِلَیَّ أَنْ اَقْرَاءَ الْقُرْآنَ عَلٰی حَرْفٍ فَرَدَدْتُ اِلَیْهِ أنْ هَوِّنْ عَلٰی اُمَّتِیْ فَرَدَّ اِلَیَّ الثَّانِیَۃَ أَنِ اقْرَاء عَلَی حَرْفَیْنِ فَرَدَدْتُ اِلَیْهِ انْ هَوِّنْ عَلٰی اُمَّتِیْ فَرَدَّ اِلَیَّ الثَّالِثَۃَ اِقْرَأہُ عَلٰی سَبْعَۃَ اَحْرُفٍ فَلَکَ بِکُلِّ رَدَّۃٍ رَدَدْتُکَهَا مَسْئَلَۃٌ تَسَالُنِیْهَا فَقُلْتُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِاُمَّتِیْ اللّٰهُمَّ اَغْفِرْلِاُمَّتِیْ وَ اَخَّرْتُ الثَّالِثَۃَ لِیَوْمٍ یَرْغَبُ اِلَیَّ الْخَلْقُ کُلُّهُمْ حَتّٰی اِبْرَاهِیْمُ علیه السلام۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں مسجد میں تھا ایک شخص آ کر نماز پڑھنے لگا اور نماز میں قرآن مجید کی ایسی قرأت کی جو میرے لئے نامانوس تھی پھر دوسرا شخص آیا اور اس نے ایک اور طرح سے قرآن مجید پڑھنا شروع کر دیا۔ جب ہم لوگ نماز سے

(۲۳) صحیح مسلم، ۱: ۲۷۳، کتاب فضائل القرآن، باب ان القرآن انزل علی سبعۃ احرف، رقم حدیث: ۸۲۰

فارغ ہوگئے تو ہم سب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے میں نے عرض کیا اس شخص نے اس طرح قرآن مجید پڑھا جو میرے لئے غیر مانوس تھا اور دوسرا شخص آیا تو اس نے اس کے علاوہ ایک اور قرأت کی (یہ سن کر) رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کو پڑھنے کا حکم دیا۔ اہوں نے پڑھ کر سنایا اور رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کو صحیح قرار دیا جس سے میرے دل میں ایسی تکذیب پیدا ہوئی جو زمانہ جاہلیت میں نہیں تھی ۔ جب رسول اللہ ﷺ نے میرے اس حال کو دیکھا تو میرے سینے پر ہاتھ مارا جس سے میں پسینہ پسینہ ہو گیا اور خوف الٰہی کی مجھ پر ایسی کیفیت پیدا ہوگئی گویا کہ میں اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہوں پھر آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے ابی پہلے مجھے یہ حکم دیا گیا تھا کہ میں قرآن مجید ایک حرف (لغت) میں پڑھوں ۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا کہ میری امت پر آسانی فرما۔ پھر مجھے دو حرفوں پر پڑھنے کا حکم دیا گیا پھر میں نے دوبارہ عرض کیا کہ میری امت پر آسانی فرما پھر مجھے تیسری بار سات حروف (لغات) پر پڑھنے کا حکم ہوا اور فرمایا تم نے جتنی بار امت پر آسانی کے لئے دعا کی ہے اتنی بار کے عوض تم ہم سے ایک دعا مانگ لو! میں نے عرض کیا اے اللہ میری امت کی مغفرت فرما! اے اللہ میری امت کی مغفرت فرما اور تیسری بار کی دعا میں نے اس دن کے لئے محفوظ کر لی جس دن ساری مخلوق حتیٰ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی میری طرف متوجہ ہوں گے۔ بقول فاضل بریلوی رحمۃ اللہ

ما و شما تو کیا ہیں خلیل و مسیح کو
کل دیکھنا کہ ان سے توقع نظر کی ہے

۲۴۔ عَنْ أُبَيِّ بِنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ!

لَقَدْ ظَنَنْتُ أَنَّ اِبْرَاهِيْمَ لَيَرْغَبُ فِيْ شَفَاعَتِيْ۔

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ مجھے گمان ہے کہ ابراہیم علیہ السلام ضرور میری شفاعت میں رغبت رکھیں گے۔

---

(۲۴) ۱۔ نہایۃ البدایۃ، ۱۰: ۲۶۱

۲۔ کنز العمال، ۱۴، رقم حدیث: ۳۹۱۱۲

## فصل نمبر ۱۰

# بیان کثرۃ أمۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم و کونہ شافعاً لھا

﴿حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی کثرت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شفیع ہونے کا بیان﴾

۲۵۔ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ أَنَا اَوَّلُ النَّاسِ يَشْفَعُ فِيْ الْجَنَّةِ وَ أَنَا اکثر الانبياء تبعاً۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں سب سے پہلے جنت میں شفاعت کرونگا اور میں تمام نبیوں سے زیادہ پیروکاروں والا ہوں گا۔

---

(۲۵) صحیح مسلم، ۱:۱۱۲، کتاب الایمان، باب فی قول النبی ﷺ، انا اوّل الناس یشفع فی الجنۃ، (رقم حدیث: ۱۹۶)

## فصل نمبر ۱۱

# بیان کون النبی ﷺ شافعاً فی ثلاث أماکن

## ﴿حضور ﷺ کا روز قیامت تین مقامات پر شفاعت فرمانا﴾

۲۶۔ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ سَأَلْتُ النَّبِیُّ ﷺ أنْ یَشْفَعَ لِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَقَالَ أَنَا فَاعِلٌ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَأَیْنَ أَطْلُبُکَ؟ قَالَ اطْلُبْنِیْ أوَّلَ مَا تَطْلُبُنِیْ عَلَی الصِّرَاطِ قَالَ قُلْتُ فَاِنْ لَمْ اَلْقَکَ عَلَی الصِّرَاطِ؟ قَالَ فَاطْلُبْنِیْ عِنْدَالْمِیْزَانِ قُلْتُ فَاِنْ لَمْ أَلْقَکَ عِنْدَالْمِیْزَانِ؟ قَالَ فَاطْلُبْنِیْ عِنْدَ الْحَوْضِ فَاِنِّیْ لَا أُخْطِیُٔ ھٰذِہِ الثَّلَاثَ الْمَوَاطِنَ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ سے سوال کیا کہ قیامت کے دن میری شفاعت فرمائیں آپ نے فرمایا میں ایسا کرنے والا ہوں۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ میں آپ کو کہاں تلاش کروں۔ آپ نے فرمایا پہلے مجھے (پل) صراط پر تلاش کرنا میں نے عرض کیا وہاں نہ ملیں تو؟ فرمایا میزان کے پاس ڈھونڈنا۔ میں نے عرض کیا اگر وہاں بھی نہ ملیں تو کہاں؟ فرمایا تم حوض کوثر پر مجھ کو تلاش کرنا کیونکہ ان تینوں جگہوں میں سے ہی میں کسی ایک جگہ ہوں گا۔

---

**(۲۶)** ۱۔ جامع الترمذی ۲:۶۶، ابواب صفۃ القیامۃ، باب ماجاء شان الصراط، رقم حدیث: ۲۴۳۳

۲۔ مسند احمد بن حنبل، ۳:۱۷۸

فصل نمبر ۱۲

# بیان تعمیم شفاعة النبی ﷺ

## حضور ﷺ کی شفاعت کی عمومیت کا بیان

۲۷۔ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِکٍ الْأَشْجَعِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ ''أَتَدْرُوْنَ مَا خَيَّرَ نِیْ رَبِّی اللَّيْلَةَ؟ قُلْنَا: اَللّٰهُ وَ رَسُوْلُهُ أَعْلَمُ قَالَ: فَإِنَّهُ خَيَّرَ نِیْ بَيْنَ أَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ أُمَّتِیَ الْجَنَّةَ وَ بَيْنَ الشَّفَاعَةِ، فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَن يَجْعَلَنَا مِنْ أَهْلِهَا، قَالَ: هِیَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ''

حضرت عوف بن مالک الاشجعی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا تم جانتے ہو رات میرے رب نے مجھے کیا اختیار دیا ہے؟ ہم نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا مجھے یہ اختیار دیا ہے کہ اگر میں چاہوں تو میری نصف امت کو (بلاحساب وکتاب) جنت میں داخل کر دیا جائے یا یہ کہ میں شفاعت کروں، میں نے شفاعت کو پسند کیا صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمارے لئے بھی دعا فرمائیں کہ ہم بھی ان لوگوں میں سے ہوں آپ نے فرمایا وہ ہر مسلمان کے لئے ہے۔

---

(۲۷) ۱۔ سنن ابن ماجہ، ۳۳۰، ابواب الزھد، باب ذکر الشفاعۃ، رقم حدیث: ۴۳۱۷

۲۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۸: رقم حدیث: ۱۰۶، ۱۲۶

۳۔ المستدرک للحاکم، ۱: ۶۶

۲۸۔ عن ام ھانی قالت قال رسول اللہ ﷺ مَا بَالُ اَقْوَامٌ یَزْعُمُوْنَ اَنَّ شَفَاعَتِیُ لَاتَنَال اَھْلِ بَیْتِیُ وَ اَنُ شَفَاعَتِیُ تَنَالُ جَاءَ وُ حَکَمُ۔

حضرت ام ہانی فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس قوم کا کیا انجام ہوگا جو یہ گمان کرتی ہے کہ میری شفاعت میرے اہل بیت کو فائدہ نہیں دے گی حالانکہ میرے شفاعت تو قبیلہ جاء وحکم تک پہنچے گی۔

---

(۲۸) ۱۔المعجم الکبیر للطبرانی، ۲۴، رقم حدیث: ۱۰۶۰

۲۔النہایۃ لابن اثیر، ۱: ۴۲۱

۳۔مجمع الزوائد، ۹: ۲۵۷

۴۔کنزالعمال، ۱۴، رقم حدیث: ۳۹۱۰۸

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۱۳

# بیان کون النبی ﷺ اوّل شافعٍ لأھل بیتہٖ

### ﴿حضور ﷺ کا سب سے پہلے اہلِ بیت کی شفاعت فرمانا﴾

۲۹۔ عَنْ عَبْدِاللہِ بْنِ عمرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ: اَوَّلُ مَنْ اَشْفَعُ لَهُ مِنْ اُمَّتِیْ اَھْلُ بَیْتِیْ۔ ثُمَّ الأَقْرَبُ فَالْأَقْرَبُ مِنْ قُرَیْشٍ ثُمَّ الْاَنْصَارُ ثُمَّ مَنْ آمَنَ بِیْ وَاتَّبَعَنِیْ مِنَ الْیَمَنِ، ثُمَّ مِنْ سَائِرِ الْعَرَبِ ثُمَّ الْأَعَاجِمُ وَ اوّلُ مَنْ أَشْفَعُ لَهُ اُوْلُوْ الْفَضْلُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں قیامت کے روز سب سے پہلے اپنی امت میں سے اپنے اہل بیت کی شفاعت کروں گا۔ پھر مرتبہ بمرتبہ قریب تر قریشی کی۔ پھر انصار کی اور پھر اس کی جو یمن میں سے مجھ پر ایمان لایا اور میری اتباع کی پھر باقی عرب اور تمام عجم کے مؤمنین اور جس کی سب سے پہلے شفاعت کروں گا وہ اہل فضل ہونگے۔

(۲۹) ۱۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۲: رقم حدیث، ۱۳۵۵۰

۲۔ مجمع الزوائد، ۱۰: ۳۸۱

فصل نمبر۱۴

# بیان شفاعة النبی صلی الله علیه وسلم لمحبیّ أهل البیت

## ﴿حضور صلی الله علیه وسلم کی محبانِ اہلِ بیت کیلئے شفاعت﴾

۳۰۔ عَنْ عَلِیّ ابْنِ اَبِی طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صلی الله علیه وسلم: شَفَاعَتِی لِأُمَّتِی مَنْ أَحَبَّ اَهْلُ بِیْتِی۔

سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری شفاعت میرے اس امتی کے لئے ہو گی جو میری اہل بیت سے محبت کرتا ہو گا۔

---

(۳۰) کنز العمال، ۱۴، رقم حدیث: ۳۹۰۵۷

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۱۵

# بیان شفاعة النبی ﷺ لمن یصلی علیه فی وقت ما

### ﴿کسی بھی وقت حضور ﷺ پر درود شریف پڑھنے والے کے لیے آپ ﷺ کی شفاعت﴾

**۳۱۔ عن رویفع بن ثابت الانصاری أن رسول اللہ ﷺ قال: مَنْ صَلّٰی علی محمد و قال اللّٰھُمَّ انْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِیْ۔**

حضرت رویفع بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص حضرت محمد ﷺ پر درود پڑھے اور یہ کہے۔ اے اللہ! ان کو قیامت کے روز اپنے قرب خاص میں جگہ عطا فرما۔ تو اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگی۔

- حافظ الہیثمیؒ نے مجمع الزوائد '۱۰:۱۶۳ پر بزار 'معجم الاوسط اور معجم الکبیر کے حوالے سے اس روایت کے بعض اسناد کو حسن قرار دیا ہے۔
- حافظ منذری نے بھی الترغیب والترھیب '۲:۵۰۵ پر اس روایت کے بعض اسناد کو حسن قرار دیا ہے۔

---

(۳۱) ۱۔ مسند احمد بن حنبل '۴:۱۰۸
۲۔ المعجم الکبیر للطبرانی '۵' ح:۴۴۸۰
۳۔ القول البدیع للسخاوی:۴۲
۴۔ جلاء الافہام الابن قیم:۶۰

## فصل نمبر ۱۶

# بیان شفاعة النبی ﷺ لمن یصلی علیه بعد الاذان

### ﴿اذان کے بعد دعا کرنے والے کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت ہونا﴾

۳۲۔عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ النِّدَآءَ اللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَانِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

---

(۳۲)

۱۔ صحیح البخاری، ۱: ۸۶، کتاب الاذن، باب الدعاء عندالاذان، رقم حدیث:۵۸۹

۲۔ صحیح البخاری،۲: ۶۸۶، کتاب التفسیر، باب عسی ان یبعثک، رقم حدیث:۴۴۴۲

۳۔ صحیح مسلم،۱: ۱۶۶، باب استحباب القول مثل قول المؤذن، رقم حدیث:۲۱۱

۴۔ جامع الترمذی،۱: ۲۹، ابواب الصلوة باب ما یقول اذا اذن المؤذن، رقم حدیث:۵۲۹

۵۔ سنن ابی داؤد،۱: ۸۵، کتاب الصلوة، ما جاء فی الدعاء عندالاذان، رقم حدیث:۵۲۹

۶۔ سنن نسائی،۱: ۱۱۰، کتاب الاذان، باب الصلوة علی النبی ﷺ بعد الاذان، رقم حدیث:۶۷۸

۷۔ سنن ابن ماجہ،۳: ۵۳، کتاب الاذن، باب ما یقال اذا اذن المؤذن، رقم حدیث:۷۲۲

۸۔ مسند احمد بن حنبل،۳: ۳۵۴، ۳۳۷

۹۔ سنن الکبری للبیہقی ،۱: ۴۱۰

۱۰۔ شرح معانی الآثار،۱: ۹۹

۱۱۔ صحیح ابن حبان،۴، رقم حدیث:۱۶۸۹

۱۲۔ المعجم الاوسط للطبرانی،۵: ۳۳۱، رقم حدیث:۴۶۵۱

۱۳۔ شرح السنہ،۲: ۲۸۴، رقم حدیث:۴۲۰

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اذان سن کر یوں دعا مانگے اے اللہ! اس دعوت کامل اور قائم ہونے والی نماز کے رب! سیدنا محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقام وسیلہ اور سب پر فضیلت مرحمت فرما اور انہیں اس مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ ایسے کہنے والے کے لئے قیامت کے روز میری شفاعت واجب ہوگی۔

- اس حدیث کی سند شرط بخاری کے مطابق صحیح ہے۔
- امام ترمذی کے نزدیک یہ حدیث حسن غریب ہے۔

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۱۷

# بیان شفاعة النبی ﷺ لمن یزور قبرہ ﷺ

### ﴿ قبرانور کی زیارت کرنے والے کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت ﴾

۳۳۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے حق میں میری شفاعت واجب ہوگئی۔

۳۴۔ عَنْ اِبْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: مَاجَاءَ نِیْ زَائِراً لَایَعْمَلُہٗ حَاجَۃٌ إِلَّا زِیَارَتِی کَانَ حَقًّا عَلَیَّ أَن اَکُوْنَ لَہٗ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ۔

حضرت ابن عمر رض سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کوئی بھی زیارت کرنے والا میرے پاس صرف میری ہی زیارت کے لئے آتا ہے، اسے کوئی اور حاجت نہیں ہوتی تو مجھ پر یہ فرض ہے کہ میں قیامت کے دن اس کے لئے شفاعت کروں۔

www.MinhajBooks.com

---

(۳۳) ۱۔ سنن دارقطنی، ۲: ۲۷۸
۲۔ السنن الکبریٰ للبیہقی، ۵: ۲۴۵
۳۔ شعب الایمان للبیہقی، ۳: ۴۹۰، رقم حدیث: ۴۱۵۹

(۳۴) ۱۔ معجم الکبیر للطبرانی، ۱۲: رقم حدیث: ۱۳۱۴۹

فصل نمبر ۱۸

# بیان شفاعة النبی ﷺ لأهل المدینة

## ﴿حضور ﷺ کا اہل مدینہ کی شفاعت فرمانا﴾

۳۵۔ عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَوَّلُ مَنْ اَشْفَعُ لَهُ مِنْ اُمَّتِیْ اَهْلُ الْمَدِیْنَةِ وَ اَهْلُ مکة و أهل الطائف۔

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں سب سے پہلے اپنی امت میں سے اہل مدینہ کی شفاعت کروں گا' پھر اہل مکہ اور پھر اہل طائف کی۔

---

(۳۵) کنز العمال' ۱۴' رقم حدیث: ۳۹۰۶۳

www.MinhajBooks.com

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

## فصل نمبر ١٩

# بیان شفاعة النبی ﷺ لمن صبر علی شدائد المدینة المنورہ

﴿حضور ﷺ کا مدینہ طیبہ کی بھوک اور سختی پر صبر کرنے والے کی شفاعت فرمانا﴾

**٣٦۔ عَنْ ابن عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ يَقُوْلُ مَنْ صَبَرَ عَلَى لَأْوَائِهَا وَ شِدَّتِهَا كُنْتُ لَهُ شفيعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔**

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص مدینہ طیبہ کی بھوک اور سختی پر صبر کرے میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا۔

---

**(٣٦)** ١۔ صحیح مسلم، ١: ۴۴۴، کتاب الحج، باب الترغیب فی سکنی المدینہ، رقم حدیث: ١٣٧٧

٢۔ جامع الترمذی، ٢: ٢٣١، ابواب المناقب، باب ماجاء فی فضل المدینہ، رقم حدیث: ٣٩١٨

٣۔ مسند احمد بن حنبل، ٢: ١١٣، ١١٩، ١٣٣، ١۵۵، ٢٨٨، ٣٣٨، ٣۴٣، ٣٩٧، ۴٣٩، ۴۴٧

۴۔ مسند احمد بن حنبل، ١: ١٨١

۵۔ مسند احمد بن حنبل، ٣: ٢٩، ۵٨، ٦٩

٦۔ مسند احمد بن حنبل، ٦: ٣٧٠

٧۔ مسند الحمیدی، ٢: ۴٩٢، رقم حدیث: ١١٦٧

٨۔ شعب الایمان، ٧: ١٢۴، رقم حدیث: ٩٧٢١

٩۔ المعجم الکبیر، ١٢، رقم حدیث: ١٣٣٠٧

١٠۔ المعجم الکبیر، ٢۴، رقم حدیث: ٣٧٣

## فصل نمبر ۲۰

# بیان کون النبی ﷺ شافعاً لمن یموت بالمدینة

﴿حضور ﷺ کا مدینہ منورہ میں وفات پانے والے کے لئے شفیع ہونا﴾

۳۷۔ عن ابن عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ: مَنْ اسْتَطَاعَ اَنْ یَمُوْتَ بِالْمَدِیْنَةِ فَلْیَمُتْ بِهَا فَاِنِّی اَشْفَعُ لِمَنْ یَمُوْتُ بِهَا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص کو مدینہ منورہ میں موت آ سکے تو اسے یہاں ہی مرنا چاہیے کیونکہ میں یہاں مرنے والوں کی (خاص طور پر) شفاعت کروں گا۔

✿ یہ حدیث صحیح ہے۔

---

(۳۷) ۱۔ جامع الترمذی، ۲: ۲۳۱، ابواب المناقب، باب ماجاء فی فضل المدینہ، رقم حدیث: ۳۹۱۷

۲۔ سنن ابن ماجہ: ۲۳۲، کتاب المناسک، باب فضل المدینہ، رقم الحدیث: ۳۱۱۲

۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۲: ۷۴، ۱۰۴

۴۔ المعجم الکبیر، ۲۴، رقم الحدیث: ۷۴۷، ۸۲۳ تا ۸۲۶

۵۔ صحیح ابن حبان، ۹: ۵۶، رقم الحدیث: ۳۷۴۱۔

۶۔ شعب الایمان، ۳: ۴۹۸، رقم الحدیث: ۴۱۸۵

۷۔ شرح السنہ، ۷، رقم حدیث: ۲۰۲۰

www.MinhajBooks.com

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

## فصل نمبر۲۱

# بیان شفاعة النبی ﷺ لمن یموت فی الحرمین الشریفین

### ﴿حضور ﷺ کا حرمین شریفین میں وفات پانے والے کے لئے شفاعت﴾

۳۸۔ عَنْ سُلَيْمَانٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ مَاتَ فِيْ أَحْدِ الْحَرَمَيْنِ اسْتَوْجَبَ،، شَفَاعَتِيْ وَ كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْآمِنِيْنَ۔

حضرت سلیمان سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو شخص حرمین شریفین (مکہ و مدینہ) میں سے کسی ایک جگہ فوت ہو جائے تو وہ میری شفاعت کو لازمی سمجھے اور وہ شخص قیامت کے دن امن پانے والوں میں سے ہوگا۔

---

(۳۸) ا۔ المعجم الکبیر، ۶: رقم حدیث: ۶۱۰۴ ۳۔ مجمع الزوائد، ۲: ۳۱۹
۲۔ المعجم الاوسط، ۶: رقم حدیث: ۵۸۷۹ ۴۔ المعجم الصغیر، ۲: ۲۲

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۲۲

# بیان شفاعة النبی ﷺ لمن یحفظ اربعین حدیثاً

## ﴿ چالیس احادیث مبارکہ یاد کرنے والے کے لیے شفاعت ﴾

۳۹۔ عن ابی الدردا، قال سُئِلَ رَسُوْل اللّٰہ ﷺ ما حدُّ الْعِلْمِ الَّذِیْ اِذَا بَلَغَهُ الرَّجُلُ کَانَ فِقیهاً؟. فقال رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: مَنْ حَفِظَ علی اُمَّتِیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا فِیْ اَمْرِ دینها بَعَثَهُ اللّٰہُ فَقِیْهاً و کُنْتُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ شَافِعًا وَشهیداً۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ علم کی نہایت اور مرتبہ کونسا ہے۔ جس پر پہنچ کر آدمی فقیہہ کہلاتا ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ جو دین کے متعلق چالیس حدیثیں یاد کرے اور لوگوں تک پہنچائے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے گروہ فقہا میں اٹھائے گا اور میں قیامت کے دن اس کے گناہوں کی شفاعت کروں گا اور اس کے ایمان کی گواہی دوں گا۔

❁ اس حدیث کو علماء نے اسناد حسن میں سے قرار دیا ہے۔

---

(۳۹) ۱۔ مشکوٰۃ المصابیح، ۳۶، کتاب العلم، الفصل الثالث، رقم حدیث: ۲۵۸

۲۔ جامع بیان العلم وفضلہ لابن عبدالبر، ۱: ۴۳، ۴۴

## فصل نمبر ۲۳

# بیان شفاعة النبی ﷺ للھالکین من امتہٖ

### حضور ﷺ کا امت کے تباہ حال گناہگاروں کے لئے شفاعت فرمانا

۴۰۔ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إِعْمَلِيْ وَلَا تَتَّكِلِيْ فَاِنَّ شَفَاعَتِيْ لِلْهَالِكِيْنَ مِنْ اُمَّتِيْ۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تو عمل کر اور بھروسہ نہ کر۔ بے شک میری شفاعت میری امت کے تباہ حال گناہگاروں کے لئے ہے۔

---

(۴۰) کنز العمال، ۱۴، رقم حدیث: ۳۹۰۷۳

## فصل نمبر ۲۴

# بیان شفاعة النبی ﷺ لجمیع أمتهٖ

### ﴿حضور ﷺ کا اپنی امت کے لامحدود افراد کی شفاعت فرمانا﴾

۱ ۴۱۔ قَالَ بُرَيْدَةَ سَمِعْتُ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ يَقُوْلُ: اِنّی لَأَرْجُوْ اَنْ أَشْفَعُ يَوْمَ الْقِيَامَةَ عَدَدَ مَا عَلَى الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ وَ مَدَرَةٍ۔

حضرت بریدة رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے امید ہے کہ میں قیامت کے دن روئے زمین کے جملہ درختوں اور پتھروں کی مقدار کے برابر اپنی امت کے افراد کی شفاعت کروں گا۔

---

(۴۱) ۱۔ مسند احمد بن حنبل، ۵: ۳۴۷

۲۔ کنز العمال، ۱۴، رقم حدیث: ۳۹۰۶۲

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۲۵

# بیان شفاعة النبی ﷺ لجمیع المؤمنین تدریجیًا

### ﴿حضور ﷺ کا درجہ بدرجہ تمام مومنین کی شفاعت کرنا﴾

**۴۲۔ عَنْ ابْنِ عُمَرِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَوَّلَ مَنْ اَشْفَعَ لَهُ مِنْ اُمَّتِیْ اَهْلَ بَیْتِیْ ثُمَّ الْاَقْرَبُ فَالْاَقْرَبُ مِنْ قُرَیْشٍ ثُمَّ الْاَنْصَارُ، ثُمَّ مَنْ اٰمَنَ بِیْ وَ اتَّبَعَنِیْ مِنَ الْیَمَنِ ثُمَّ مِنْ سَائِرِ الْعَرَبِ، ثُمَّ الأَعَاجِم و اَوَّلُ مَنْ أشفَعُ لَهُ اُولُوا الْفَضْلَ''**

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنی امت میں سے سب پہلے میں جس کی شفاعت کروں گا وہ میرے اہل بیت ہیں پھر قریش میں سے قریبی رشتہ داروں کی پھر انصار کی، پھر یمن میں سے جو مجھ پر ایمان لایا پھر تمام عرب کی اس کے بعد تمام عجم کے مومنین کی شفاعت کروں گا اور ان میں سے سب سے پہلے جس کی شفاعت کروں گا وہ صاحبانِ فضل ہوں گے۔

---

www.MinhajBooks.com

(۴۲) المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۲۔رقم حدیث: ۱۳۵۵۰

## فصل نمبر ۲۶

# بیان شفاعة النبی صلی اللہ علیہ وسلم للمذنبین و الخطائین

### ﴿حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی امت کے خطا کاروں کی شفاعت فرمانا﴾

۴۳۔ عن ابی موسی الاشعری قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: خُيِّرْتُ بَيْنَ الشَّفَاعَةِ وَ بَيْنَ اَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِیْ الجَنَّةَ فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ لِأَنَّهَا أَعَمُّ وَ اَكْفٰی اَتَرَوْنَهَا لِلْمُتَّقِيْنَ؟ لَا وَلٰكِنَّهَا لِلْمُذْنِبِيْنَ الخَطَّائِيْنَ الْمُتَلَوِّثِيْنَ۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہ اختیار دیا گیا کہ چاہیے میں قیامت کے روز شفاعت کرلوں یا میری امت میں سے آدھی امت کو جنت میں داخل کردیا جائے میں نے اس میں سے شفاعت کو اختیار کیا ہے کیونکہ وہ عام اور کافی ہوگی اور تم شاید یہ خیال کرو کہ وہ متقین کے لئے ہوگی۔ نہیں بلکہ وہ گناہگاروں اور خطا کاروں بدکرداروں کے لئے ہوگی۔

---

(۴۳) ا۔ سنن ابن ماجہ: ۳۲۹، کتاب الزھد، باب ذکر الشفاعة، رقم حدیث: ۴۳۱۱

۲۔ مسند احمد بن حنبل، ۲: ۷۵

۳۔ نہایة بدایة النہایة، ۱۰: ۴۵۵، (روایت ابن عمرؓ)

## فصل نمبر ۲۷

# بیان شفاعة النبی ﷺ لأهل الکبائر من امته

## ﴿کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت﴾

۴۴۔ عن اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: شَفَاعَتِیْ لِاَھْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت

(۴۴) ۱۔ جامع الترمذی، ۲: ۶۶، کتاب صفة القیامة، باب ماجاء فی الشفاعة، رقم حدیث: ۲۴۳۵، ۲۴۳۶

۲۔ سنن ابی داؤد، ۲: ۳۰۴، کتاب السنة، باب فی الشفاعة، رقم حدیث: ۴۷۳۹

۳۔ سنن ابن ماجہ، ۳۲۹، ابواب الزھد، باب ذکر الشفاعة، رقم حدیث: ۴۳۱۰

۴۔ مسند احمد بن حنبل، ۳: ۲۱۳۔

۵۔ المعجم الکبیر للطبرانی، ۱۱، رقم حدیث: ۱۱۴۵۴۔

۶۔ المعجم الاوسط، ۴، رقم حدیث: ۳۵۹۰

۷۔ المعجم الاوسط، ۵، رقم حدیث: ۴۷۱۰

۸۔ المعجم الصغیر، ۱: ۱۶۰۔ ۹۔ المعجم الصغیر، ۲: ۱۱۹

۱۰۔ مسند ابویعلی، ۶، رقم حدیث: ۲۰۲۶

۱۱۔ مسند ابوداؤد الطیالسی، رقم حدیث: ۱۶۶۹، ۲۰۲۶

۱۲۔ شعب الایمان للبیہقی، ۱: ۲۸۷، رقم حدیث: ۳۱۰، ۳۱۱

۱۳۔ صحیح ابن حبان، ۱۴، رقم حدیث: ۶۴۶۷، ۶۴۶۸

۱۴۔ الشریعہ للآجری، ۳۳۸

۱۵۔ حلیة الاولیاء لابی نعیم، ۳: ۲۰۱

۱۶۔ حلیة الاولیاء، ۷: ۲۶۱

۱۷۔ المستدرک، ۱: ۶۹

۱۸۔ تفسیر ابن کثیر، ۱: ۴۸۷

میری امت کے ان افراد کے لئے ہے جنہوں نے کبیرہ گناہ کیئے۔

❁ یہ حدیث صحیح ہے۔

❁ امام ترمذیؒ نے یہ حدیث جابر بن عبداللہؓ سے نقل کی ہے ان کے نزدیک یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

❁ امام بیہقی کے نزدیک بھی یہ صحیح حدیث ہے۔ جیسا کہ عجلونی نے کشف الخفاء میں لکھا ہے۔

❁ امام حاکم نے ۱/ ۶۹ پہ اس حدیث کو شرط شیخین پر صحیح قرار دیا ہے۔

❁ حافظ ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر ۱: ۴۸۷ پر حضرت انسؓ سے اس روایت کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے

❁ صحیح ابن حبان میں مروی حدیث بھی صحیح الاسناد ہے۔

**۴۵۔ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: شَفَاعَتِیْ لِأَهلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ. قُلْتُ مَا هٰذَا يَا جَابِرُ؟ قَالَ نَعَمْ يَا مُحَمَّدُ! أَنَهُ مَنْ زَادَتْ حَسَنَاتُهُ فَذَاکَ الَّذِیْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ، وَ مَنْ اسْتَوَتْ حَسَنَاتُهُ وَ سَيِّئَاتُهُ فَذَاکَ الَّذِیْ يُحَاسَبُ حِسَاباً يَسِيْراً ثُمَّ يُدْخُلُ الْجَنَّةَ، وَ إِنمَا شَفَاعَةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ لِمَنْ أُوبَقَ نَفْسَهُ وَ أَثْقَلَ ظَهْرَهُ۔**

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت میری امت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے ہے۔ میں (راوی) نے کہا اے جابر رضی اللہ عنہ

کیا ایسا ہی ہے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اے محمد! ہاں۔ بے شک جس کی نیکیاں زیادہ ہوگئیں تو وہ تو جنت میں بغیر حساب کے چلا جائے گا۔ اور جس کی نیکیاں اور برائیاں برابر ہوگئیں تو اس کا حساب آسان ہوگا پھر وہ جنت میں چلا جائے گا۔ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اس کے لئے ہے جس نے اپنے نفس کو ہلاک کیا اور اپنی پیٹھ پر (گناہوں کا) بوجھ لادا۔

۴۶۔ عَنْ اَبِیْ الدَّرْدَاءِ: قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: شَفَاعَتِیْ لِأَهْلِ الذُّنُوْبِ مِنْ اُمَّتِیْ. قَالَ اَبو الدَّرداءِ وَ إِنْ زَنٰی وَ إِنْ سَرِقَ: قَالَ، نَعَمْ! وَ اِنْ زَنٰی وَ إِنْ سَرِقَ عَلٰی رَغْمِ أَنْفِ أَبِیْ الدَّرْدَاءِ۔

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری شفاعت میری امت کے گناہگاروں کے لئے ہے۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے عرض کی خواہ اس نے زنا اور چوری کی ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! ابودرداء کی ناک خاک آلود ہو (بطور محبت فرمایا) خواہ اس نے زنا اور چوری کی ہو۔

---

(۴۶) ا۔ تاریخ بغداد، ۱:۴۱۶

۲۔ کنز العمال، ۱۴ رقم حدیث: ۳۹۰۵۶

۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۵:۱۵۹۔ (باختلاف الفاظ)

## فصل نمبر ۲۸

# بیان خروج الناس من النار بشفاعة النبی ﷺ

### ﴿حضور ﷺ کی شفاعت سے عذابِ دوزخ سے چھٹکارا﴾

۴۷۔ عَنْ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: يَخْرُجُ قومٌ مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَةِ مُحَمَّدٍ ﷺ فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُسَمُّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّيْنَ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کچھ لوگ حضرت محمد مصطفے ﷺ کی شفاعت کے باعث جہنم سے نکال لئے جائیں گے۔ چنانچہ جب وہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے تو جنتی انہیں جہنمی کے نام سے پکاریں گے۔

❁ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔

---

(۴۷) ۱۔ صحیح البخاری، ۲:۱۷۹۲، ۹۷۲، کتاب الرقاق، باب صفۃ الجنۃ والنار، رقم حدیث: ۶۱۹۸

۲۔ جامع الترمذی، ۲:۸۴۔ کتاب صفۃ جہنم، باب ما ذکر من یخرج من النار من اھل التوحید، رقم حدیث: ۲۶۰۰، ۴۷۴۰

۳۔ سنن ابی داؤد، ۲:۳۰۴، کتاب السنۃ، باب فی الشفاعۃ، رقم حدیث: ۴۷۴۰

۴۔ سنن ابن ماجہ، ۳۲۹، ابواب الزھد، باب ذکر الشفاعۃ، رقم حدیث: ۴۳۱۵

۵۔ مسند احمد بن حنبل، ۴:۴۳۴

۶۔ الشریعہ، ۳۴۴

۴۸۔ عَنْ اَبِیْ سَعِیْد قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اَمَّا اَھْلُ النَّارِ الَّذِیْنَ ھُمْ اَھْلُھَا فَلَا یَمُوْتُوْنَ فِیْھا ولا یَحْیَوْنَ ولٰکِنّ نَاسٌ اَصَابَتْھُمْ نَارٌ بِذُنُوْبِھِمْ اَوْ بِخَطَایَاھُمْ فَاَمَا تَتْھُمْ اِمَاتَۃً حتّٰی اِذَا کَانُوْا فَحماً اُذِنَ لَھُمْ فِیْ الشَّفَاعَۃِ فَجِیْیءَ بِھِمْ ضَبَآئِرَ ضَبائِرَ فَبثُّوْا عَلٰی اَنْھَارِ الْجَنَّۃِ فَقِیْلَ یَآ اَھْلَ الْجَنَّۃِ اَفِیْضُوْا عَلَیْھِمْ فَیَنْبُتُوْنَ نَبَاتَ الْحِبَّۃِ تَکُوْن فِیْ حَمِیْلِ السیل قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ کَاَنَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ قَدْ کَانَ فِیْ الْبَادِیَۃِ۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دوزخ میں رہنے والے دوزخی نہ اس میں مریں گے اور نہ جئیں گے لیکن کچھ لوگ ہوں گے۔ جنہیں دوزخ میں ان کے گناہوں اور غلطیوں کی وجہ سے ڈالا جائے گا تو وہ آگ انہیں جلا کر کوئلہ کر دے گی۔ اس وقت ان کی شفاعت کا حکم ہوگا تو انہیں گروہ در گروہ نکالا جائے گا۔ وہ جنت کی نہروں پر پھیل جائیں گے تو کہا جائے گا اے اہل جنت! ان پر پانی ڈالو۔ تو وہ اس پانی سے اس طرح اگیں گے جیسے دریا کے کنارے گھاس اگتی ہے۔ یہ سن کر ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ جنگل میں بھی رہے ہیں۔

❁ یہ حدیث صحیح ہے۔

---

(۴۸) ۱۔ صحیح مسلم، ۱:۱۰۴، کتاب الایمان، باب اثبات الشفاعۃ، رقم حدیث: ۱۸۵

۲۔ سنن ابن ماجہ: ۳۲۹، ابواب الزھد، باب ذکر الشفاعۃ، رقم حدیث: ۴۳۰۹

۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۳: ۵، ۱۱، ۷۹

۴۔ مسند ابو یعلیٰ، ۲: رقم حدیث: ۱۰۹۷، ۱۲۵۳، ۱۳۷۰

۵۔ مسند ابوعوانہ، ۱: ۱۸۶

۶۔ صحیح ابن حبان، ۱۶: رقم حدیث: ۷۳۷۹، ۷۴۸۵

۷۔ الشریعہ للآجری: ۱۴۵

www.MinhajBooks.com
منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش

۴۹۔ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: یَخْرُجُ مِنَ النَّارِ بِالشَّفَاعَةِ کَاَنَّهُمُ الثَّعَارِیْرُ قُلْتُ وَمَا الثَّعَارِیْرُ قَالَ الضَّغَابِیْسُ وَ کَانَ قَدْسَقَطَ فَمُهٗ فَقُلْتُ لِعَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ یَاَبَا مُحَمَّدٍ سَمِعْتَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ یَقُوْلُ سَمِعْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقُوْلُ یَخْرُجُ بِالشَّفَاعَةِ مِنَ النَّارِ قَالَ نَعَمْ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: شفاعت کے ذریعے کچھ لوگوں کو دوزخ سے نکالا جائے گا۔ گویا کہ وہ ثعاریر ہوں گے۔ میں (حماد) نے عمرو بن دینار سے پوچھا کہ ثعاریر کیا ہے تو انہوں نے فرمایا کہ سفید ککڑیاں جن کے منہ جھڑ گئے ہوں۔ میں نے عمرو بن دینار سے پوچھا کہ اے محمد کیا آپ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا اور انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ دوزخ سے کچھ لوگ شفاعت کے ذریعے نکالے جائیں گے؟ فرمایا ہاں: (میں نے خود نبی اکرم ﷺ سے سنا ہے)

---

(۴۹) ۱۔ صحیح البخاری، ۲: ۹۷۰، کتاب الرقاق، باب صفۃ الجنۃ والنار، رقم حدیث: ۶۱۹۰

۲۔ صحیح مسلم، ۱: ۱۰۷ کتاب الایمان، باب اثبات الشفاعۃ، رقم حدیث: ۱۹۱

۳۔ مسند ابو داؤد الطیالسی، ۲۳۶، جز سابع، رقم حدیث: ۱۷۰۳

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ٢٩

# بیان شفاعة النبی ﷺ لمن لا یموت بالشرک

﴿حضور ﷺ کی شفاعت اس کے لئے جو حالت شرک میں نہ مرے﴾

٥٠۔ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِکٍ الاَشْجَعِی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ أنَّهُ أَتَانِی اٰتِ مِنْ رَبِی عَزَّوجَلَّ فَخَیَّرَنِی بَیْنَ اَنْ یَدْخُلَ نَصْفَ امتِیُ الْجَنَّةَ وَ بَیْنَ الشَّفَاعَةِ فَاخْتَرَتُ الشَفَاعَةَ فَقُلْنَا نُذَکِّرُکَ اللّٰهَ وَالصُّحْبَةَ اَلاجَعَلْتَنَا مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِکَ قَالَ أَنْتُمْ مِنْهُمْ ثُمَّ فَضَیْنَا فَیَجِئُی الرَّجُلُ وَالرَّجُلَانِ فَیُخْبِرُهُمْ بِالَّذِیْ أخْبَرُنَا بِهِ فَیُذَکِّرُوْنَهُ اللّٰهَ وَالصُّحْبَةَ ألا جَعَلَهُمْ مِنْ أَهْلِ الشَّفَاعَتِهِ فَیَقُوْلُ فَاَنَّکُمْ مِنْهُمْ حَتّٰی انْتَهَی النَّاسُ فَاضُجُوْا عَلَیْهِ وَقَالُوْا أجَعَلْنَا مِنْهُمْ قَالَ فَاِنِّیْ اُشْهِدُکُمْ اَنَّهَا لِمَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِیُ لا یُشْرِکُ بِاللّٰهِ شَیْئًا۔

حضرت عوف بن مالک الأشجعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا میرے پاس آیا اور اس نے مجھے

---

(٥٠) ١۔ مسند احمد بن حنبل، ٥: ١۴٥، ٢٣٢

٢۔ مسند احمد بن حنبل، ٦: ٢٣، ٢۴، ٢٨، ٢٩

اختیار دیا کہ اپنی امت کے آدھے لوگ (بغیر حساب و کتاب کے) جنت میں داخل کرلو یا حق شفاعت لے لو۔ پس میں نے شفاعت کا حق اختیار کرلیا۔ چنانچہ ہم (حضرت عوف بن مالک اور معاذ بن جبل) نے عرض کیا۔ ہم آپ کو اللہ اور اپنا شرف صحابیت یاد دلاتے ہیں کیا آپ ہمیں اپنے اہل شفاعت میں سے نہیں بنائیں گے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان میں سے ہو۔ پھر ہم چلے گئے۔ پر ایک دو آدمی اور آئے پس انہیں بھی وہی حدیث سنائی جو ہمیں سنائی تھی۔ پس انہوں نے بھی آپ کو اپنے اور اپنے شرف صحابیت کی یاد دلائی (اور عرض کیا) کیا آپ ہمیں اپنے اہل شفاعت میں سے نہیں بنائیں گے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان میں سے ہو۔ یہاں تک کہ (بہت زیادہ) لوگ آپ ﷺ کے پاس جمع ہوگئے اور شور ہوگیا۔ انہوں نے عرض کیا ہمیں بھی شفاعت کے مستحقین میں شامل فرما لیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میری شفاعت میرے ہر اس امتی کے لئے ہے جو اس حال میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا۔

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۳۰

# بیان شفاعة النبی ﷺ للمؤمن المخلص

﴿ کامل اخلاص کے ساتھ ایمان والے کے لئے حضور ﷺ کی شفاعت ﴾

۵۱۔ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ قَالَ قِيل يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِکَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَقَدْ ظَنَنْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ أن لا يَسْئَلَنِیْ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ أَحَدٌ اَوَّلُ مِنْکَ لِمَا رَاَيْتُ مِنْ حِرْصِکَ عَلٰی الْحَدِيْثِ، اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِیْ يَوْمَ الْقِيامة من قال لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصاً مِن قلبه او نفسِهٖ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں عرض کی گئی یا رسول اللہ ﷺ! قیامت کے روز آپ کی شفاعت کا سب سے زیادہ مستحق کون ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اے ابوہریرہ! میرا گمان یہی تھا کہ اس بارے میں سب سے پہلے تم مجھ سے پوچھو گے کیونکہ میں نے حدیث کے ساتھ تمہاری بے پناہ وابستگی دیکھی ہے۔ قیامت کے روز میری شفاعت حاصل کرنے میں سب سے زیادہ خوش نصیب شخص وہ ہوگا۔ جس نے خلوص دل سے (کلمہ) لا اله الا الله پڑھا۔

---

(۵۱) ۱۔ صحیح البخاری، ۱: ۲۰، کتاب العلم، باب الحرص علی الحدیث، رقم الحدیث: ۹۹
۲۔ مسند احمد بن حنبل، ۲: ۳۰۷، ۳۷۳، ۵۱۸
۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۳: ۱۷۸
۴۔ الشریعہ، ۳۴۰
۵۔ صحیح ابن حبان، ۱۴، رقم الحدیث: ۲۴۶۶

- یہ حدیث صحیح ہے۔
- حافظ البہیقی نے مجمع الزوائد، ۱۰:۴۰۴ پر امام احمدؒ کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔
- امام حاکم نے ۱:۷۰ پر اس کو صحیح الاسناد حدیث قرار دیا ہے جس کی امام ذہبی نے بھی تصدیق کی ہے۔

www.MinhajBooks.com

# فصل نمبر ۳۱

## بیان شفاعة النبی صلی اللہ علیہ وسلم لمن فی قلبه خردلة من الایمان

﴿حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رائی کے دانے سے بھی کم ایمان والے کے لئے شفاعت﴾

۵۲۔ عَنْ حُمَیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ شُفِّعْتُ فَقُلْتُ یَا رَبِّ اَدْخِلِ الْجَنَّةَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ خَرْدَلَةٌ فَیَدْخُلُوْنَ ثُمَّ اَقُوْلُ اَدْخِلِ الْجَنَّةَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ أَدْنٰی شَیْءٍ فَقَالَ اَنَسٌ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی اَصَابِعِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے روز میری شفاعت قبول کی جائے گی۔ میں عرض کروں گا کہ اے رب! جس کے دل میں رائی کے برابر ایمان ہو اسے جنت میں داخل فرما دے۔ پس وہ داخل ہو جائیں گے۔ پھر میں عرض کروں گا کہ اسے بھی جنت میں داخل فرما، جس کے دل میں ذرا بھی ایمان ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں گویا کہ میں (اب بھی) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک انگلیوں کی طرف دیکھ رہا ہوں۔

www.MinhajBooks.com

(۵۲) ۱۔ صحیح البخاری، ۲:۱۱۱۸، کتاب التوحید، باب کلام الرب عزوجل یوم القیامة مع الانبیاء وغیرھم، رقم الحدیث: ۷۰۱۱
۲۔ صحیح مسلم، ۱:۱۰۴، کتاب الایمان، باب اثبات الشفاعہ، رقم حدیث: ۱۸۴

## فصل نمبر ۳۲

# بیان انتهاء الشفاعة إلى النبی صلی اللہ علیہ وسلم

### حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر شفاعت کی انتہا ہو جانا

۵۳۔ عَنْ اٰدَمَ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ إِنَّ النَّاسَ يَصِيْرُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جُثًى كُلُّ اُمَّةٍ تَتْبَعُ نَبِيَّهَا يَقُوْلُوْنَ يَافُلَانُ إِشْفَعْ يَا فُلَانُ إِشْفَعْ حَتَّى تَنْتَهِيَ الشَّفَاعَةُ إِلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَذٰلِكَ يَوْمٌ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ۔

آدم بن علی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ لوگ گروہ بنا کر اپنے اپنے نبی کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے کہ حضور! ہماری شفاعت فرمایئے۔ حضور! ہماری شفاعت فرمایئے حتی کہ طلب شفاعت کا سلسلہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر آکر ختم ہو جائے گا۔ پس اس روز (شفاعت کے لئے) اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام محمود پر فائز فرمائے گا۔

---

(۵۳) صحیح البخاری، ۲:۶۸۶، کتاب التفسیر، باب قولہ عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا، رقم حدیث: ۴۴۴۱

## فصل نمبر ۳۳

# بیان دخول الناس الجنة بلا حساب وعذاب بشفاعة النبی صلی اللہ علیہ وسلم

﴿حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کے طفیل بلاحساب وکتاب جنت میں دخول﴾

۵۴۔ عَنْ أَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ وَعَدَنِیْ رَبِّیْ اَنْ یُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِیْ سَبْعِیْنَ اَلْفًا لَاحِسَابَ عَلَیْھِمْ وَلَاعَذَابَ مَعَ کُلِّ اَلْفٍ سبعونَ الفاً و ثَلاثُ حَثَیَاتٍ من حَثَیات رَبِّی۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا

---

(۵۴) ا۔ جامع الترمذی، ۲: ۶۶، کتاب صفة القیامة، باب ماجاء فی الشفاعة، رقم حدیث: ۲۴۳۷

۲۔ صحیح البخاری، ۲: ۹۶۸، کتاب الرقاق، باب یدخل الجنة سبعون الفاً بغیر حساب، رقم حدیث: ۶۱۷۵

۳۔ صحیح مسلم، ۱: ۱۱۶، ۱۱۷، کتاب لایمان، باب دخول طوائف من المسلمین الجنة بغیر حساب ولا عذاب، رقم حدیث ۲۱۶، ۲۱۷، ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۰

۴۔ سنن ابن ماجہ، ۳۲۶، ابواب الزھد، باب صفة امة محمد صلی اللہ علیہ وسلم، رقم حدیث: ۴۲۸

۵۔ مسند احمد بن حنبل، ۶، ۱۹۷

۶۔ مسند احمد بن حنبل، ۲: ۳۵۲، ۳۵۹، ۴۰۰، ۴۵۶

۷۔ مسند احمد بن حنبل، ۴: ۱۶، ۴۳۶، ۴۴۱

۸۔ مسند احمد بن حنبل، ۵: ۲۵۰، ۲۶۸، ۲۸۰، ۴۱۳

۹۔ مصنف ابن ابی شیبہ، ۱۱: ۴۷۱

۱۰۔ شعب الایمان، ۱: ۲۵۱، ۲۵۲، رقم حدیث: ۲۶۸

۱۱۔ صحیح ابن حبان، ۱۶، رقم حدیث: ۲۴۶۷

==

ہے آپ نے فرمایا میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ میری امت سے ستر ہزار افراد کو بغیر حساب وعذاب کے جنت میں داخل فرمائے گا۔ ان میں سے ہر ہزار کے ساتھ مزید 70 ہزار کو داخل کرے گا۔ نیز اللہ تعالیٰ اپنی مٹھیوں میں سے تین مٹھیاں بھی جنت میں ڈال دے گا۔

❁ یہ حدیث صحیح ہے۔

---

==

۱۲۔ معجم الکبیر، ۲، رقم حدیث: ۱۴۱۳

۱۳۔ معجم الکبیر، ۴: رقم حدیث: ۳۸۸۲

۱۴۔ معجم الکبیر للطبرانی، ۸، رقم حدیث: ۷۵۲۰، ۷۶۶۵، ۷۶۷۲

۱۵۔ حلیۃ الاولیاء لابی نعیم، : ۳۰۲

۱۶۔ الشریعہ للآجری، ۳۴۳

۱۷۔ تفسیر ابن کثیر، ۱: ۳۹۴

۱۸۔ مجمع الزوائد، ۱۰: ۳۶۳

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۳۴

# بیان نفع شفاعة النبی صلی اللہ علیہ وسلم عَمَّهٗ اباطالب

### شفاعتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت ابو طالب کو فائدہ

۵۵۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الحَارِثِ قَالَ سَمِعْتُ العَبَّاسَ يَقُوْلُ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا طَالِبٍ كَانَ يَحُوْطُكَ وَ يَنْصُرُكَ. وَ يَغْضَبُ لَكَ فَهَلْ نَفَعَهُ ذٰلِكَ قَالَ نَعَمْ وَ جَدْتُهُ فِيْ غَمَرَاتٍ مِّنَ النَّارِ فَاَخْرَجْتُهُ اِلٰى ضَحْضَاحٍ.

حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! حضرت ابوطالب آپ کا بچاؤ کرتے تھے۔ آپ کی مدد کرتے تھے اور آپ کی خاطر لوگوں سے جھگڑتے تھے تو کیا ان کو ان اعمال نے کچھ نفع پہنچایا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! میں نے انہیں آگ کی گہرائی میں پایا تو میں انہیں آگ کے اوپر والے طبقہ میں لے آیا۔

✻ یہ حدیث صحیح ہے۔

---

(۵۵) ۱۔ صحیح البخاری، ۱:۵۴۸، کتاب المناقب، باب قصۃ ابی طالب، رقم حدیث: ۳۶۷۰

۲۔ صحیح البخاری، ۲:۹۱۷، کتاب الادب، باب کنیۃ المشرک، رقم حدیث: ۵۸۵۵

۳۔ صحیح مسلم، ۱:۱۱۵، کتاب الایمان، باب شفاعۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعمہ ابی طالب، رقم حدیث: ۲۰۹

۴۔ مسند احمد بن حنبل، ۱:۲۰۶، ۲۰۷، ۲۱۰

**٥٦۔ عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدَرِیَّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ ذُکِرَ عِنْدَہٗ عَمُّہٗ أَبُوْ طَالِبٍ فَقَالَ لَعَلَّہٗ تَنْفَعُہٗ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ......**

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے آپ کے چچا ابوطالب کا ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا امید ہے کہ قیامت کے دن میری شفاعت سے ان کو فائدہ پہنچے گا۔

---

**(٥٦)** ۱۔ صحیح البخاری، ۱: ۵۴۸، کتاب المناقب، باب قصۃ ابی طالب، رقم حدیث: ۳۶۷۲

۲۔ صحیح البخاری، ۲: ۹۷۱، کتاب الرقاق، باب صفۃ الجنۃ والنار، رقم حدیث: ۶۱۹۶

۳۔ صحیح مسلم، ۱: ۱۱۵، کتاب الایمان، باب شفاعۃ النبی ﷺ لعمہ ابی طالب، رقم: ۲۰۹

۴۔ مسند احمد بن حنبل، ۳: ۹

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۳۵

# بیان حرمان من غَشَّ العرب من شفاعة النبی ﷺ

## ﴿عرب سے دھوکہ کرنے والے کی شفاعت سے محرومی﴾

۵۷۔ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّان قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ غَشَّ الْعَرَبَ لَمْ یَدْخُلْ فِیْ شَفَاعَتِیْ وَ لَمْ تَنَلْهُ مَوَدَّتِیْ۔

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے عرب سے دھوکہ کیا وہ میری شفاعت میں داخل نہیں ہوگا اور نہ ہی اسے میری محبت نصیب ہوگی۔

---

(۵۷) ۱۔ جامع الترمذی، ۲:۲۳۲، ابواب المناقب، باب فی فضل العرب، رقم حدیث: ۳۹۲۸
۲۔ مسند احمد بن حنبل، ۱:۷۲
۳۔ مصنف ابن ابی شیبہ، ۱۲:۱۹۳، رقم حدیث: ۱۲۵۱۷

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۳۶

# بیان حرمان من یسب الصحابة الکرم من شفاعتهﷺ

### ﴿صحابہ کرامؓ کے گستاخ کی شفاعت سے محرومی﴾

۵۸۔ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِﷺ: شَفَاعَتِی مُبَاحَةٌ اِلَّا لِمَنْ سَبَّ أَصْحَابِی۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرمﷺ نے ارشاد فرمایا: میری شفاعت ہر آدمی کے لئے جائز ہوگی مگر جو میرے صحابہ کرامؓ کا گستاخ ہوگا وہ میری شفاعت سے محروم رہے گا۔

۵۹۔عَنْ اُمِّ سَلْمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِﷺ: نِعْمَ الرَّجُلُ أَنَا لِشِرَارِ أُمَّتِیْ! قِیْلَ: یَا رَسُوْلُ اللّٰهِ! کَیْفَ أَنْتَ لِخِیَارِهِمْ؟ قَالَ خِیَارُ أُمَّتِیْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِأَعْمَالِهِمْ، وَ شِرَارُ أُمَّتِیْ یَنْتَظِرُوْنَ شَفَاعَتِیْ، اَلَا! إِنَّهَا مُبَاحَةٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ لِجَمِیْعِ أُمَّتِیْ إِلَّا رَجُلٌ مُنْتَقِصُ أَصْحَابِیْ۔

حضرت ام سلمہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہﷺ نے ارشاد فرمایا: اپنی امت کے برے لوگوں کے لئے سب سے بہتر آدمی میں ہوں۔عرض کی گئی یا رسول اللہ! امت

---

(۵۸) ۱۔کنز العمال، ۱۴، رقم حدیث: ۳۹۰۵۸

۲۔حلیۃ الاولیاء، ۷: ۲۳۶

(۵۹) کنز العمال، ۱۴، رقم حدیث: ۳۹۱۱۱

کے اچھے لوگوں کے لئے آپ کیسے ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت کے اچھے لوگ جنت میں اپنے اعمال کی وجہ سے چلے جائیں گے اور میری امت کے گنہگار میری شفاعت کا انتظار کریں گے۔ خبردار! آگاہ ہو جاؤ کہ شفاعت قیامت کے دن میری امت کے سب لوگوں کے لئے جائز ہوگی سوائے اس شخص کے جو میرے صحابہ رضی اللہ عنہم کو برا بھلا کہتا تھا۔

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۳۷

# بیان حرمان منکر شفاعة النبی صلی اللہ علیہ وسلم من شفاعته

﴿حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا منکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے محروم ہوگا﴾

**٦٠۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَقٌّ فَمَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِهَا لَمْ يَكُنْ مِنْ أَهْلِهَا۔**

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن میری شفاعت حق ہے۔ پس جو شخص اس پر یقین نہیں رکھتا۔ وہ شفاعت کا اہل بھی نہیں ہوگا۔ (یعنی شفاعت سے محروم رہے گا)

**٦١۔ عَنْ اَنس بِنْ مَالِک رضی اللہ عنہ قال: من كذب بالشفاعة فليس له فيها نصيب ۔**

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شفاعت کو جھٹلایا اس کے لئے شفاعت میں سے کوئی حصہ نہیں۔

❁ حافظ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری شرح صحیح بخاری، ۱۱: ۴۲۶ پر اس روایت کے متعلق فرمایا ہے کہ حضرت سعید بن منصور نے اسے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے۔

---

(٦٠) کنز العمال، ۱۴، رقم حدیث: ۳۹۰۵۹

(٦١) ۱۔ فتح الباری، ۱۱: ۴۲۶

۲۔ الشریعہ، ۳۳۷

فصل نمبر ۳۸

# بیان کون الانبیاء الکرام شفعاءَ

## ﴿انبیاء علیہم السلام کا شفاعت فرمانا﴾

۶۲۔عَنْ جَابِرٍ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اِذَا مُيِّزَ أَهْلَ الْجَنَّةَ وَ اَهْلُ النَّارِ، فَدَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَ أَهْلَ النَّارِ النَّارَ، قَامَتِ الرَّسُلُ ، فَشَفَعُوْا، فَيُقَالُ: انْطَلِقُوْا أَوِ اذْهَبُوْا، فَمَنْ عَرَفْتُمُوْهُ فَاخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَهُمْ قَدِ امْتُحِشُوْ فَيُلْقُوْنَهُمْ فِیْ نَهْرٍ. أَوْ عَلَى نَهْرٍ. يُقَالُ لَهٗ (نَهْرُ) الْحَيَاةِ، قَالَ: فَتَسْقُطَ مَحَاشَهُمْ عَلَى حَافَتِي النَّهْرِ، وَ يَخْرُجُوْنَ بَيْضًا، مِثْلَ الثَّعَارِيْرِ، ثُمَّ يَشْفَعُوْنَ، فَيُقَالُ إِذْهَبُوْا وَ انْطَلَقُوْا، فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِیْ قَلْبِهِ مِثْقَالَ قِيْرَاطٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُ، قَالَ: فَيُخْرِجُوْنَ سَرَاعًا، وَ يَشْفَعُوْنَ، فَيُقَالُ اِذْهَبُوْا اَوِ انْطَلَقُوْا، فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِیْ قَلْبِهِ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ فَأَخْرِجُوْهُ، ثُمَّ يَقُوْلُ اللهُ: أَنَا الْآنَ أُخْرِجُ بِعِلْمِیْ وَ رَحْمَتِیْ، فَيُخْرِجُ أَضْعَافَ مَا أَخْرِجُوْا، وَ أَضْعَافَهُ ، فَيُكْتَبُ فِیْ رِقَابِهِمْ عُتَقَاءُ اللهِ، ثُمَّ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، فَيُسَمُّوْنَ فِيْهَا الْجَهَنَّمِيِّيْنَ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب جنتی اور جہنمی

(۶۲) ا۔مسند احمد بن حنبل، ۳:۵۶
۲۔مسند احمد بن حنبل، ۳: ۳۲۵۔ ۳۲۶
۳۔نہایۃ البدایہ، ۱۰:۴۵۲

لوگ میں امتیاز ہوجائے گا جنتی جنت میں داخل ہوجائیں گے اور دوزخی دوزخ میں داخل ہوجائیں۔ اس کے بعد رسل عظام کھڑے ہوں گے اور شفاعت فرمائیں گے پس انہیں کہا جائے گا چلو اور جس جس کو تم پہچانتے ہو اس کو جہنم سے نکال لو پس انبیاء کرام ایسے لوگوں کو نکال لیں گے جو جل کر کوئلے کی طرح ہو چکے ہوں گے پس انہیں آب حیات کی نہر میں ڈال دیا جائے گا پھر فرمایا پس ان کے جلے ہوئے جسموں کو نہر کے کنارے میں ڈال دیا جائے گا۔ جس کے بعد وہ سفید ککڑیوں کی طرح سفید نکلیں گے۔ پھر اس کے بعد وہ دوبارہ شفاعت فرمائیں گے۔ لیکن پھر انہیں کہا جائے گا کہ چلو پس جس کے دل میں رتی برابر ایمان پاؤ تو اسے بھی جہنم سے نکال لو تو وہ جلدی سے نکال لیں گے اور شفاعت کریں گے پھر انہیں کہا جائے گا چلو پس جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان پاؤ تو اسے بھی نکال لو پھر اللہ تبارک وتعالیٰ فرمائے گا اب میں اپنے علم اور رحمت سے نکالتا ہوں پس اللہ تعالیٰ جو رسلِ عظام نے نکالے ہوں گے اس سے کئی گنا زیادہ لوگوں کو نکال لے گا اور اس سے بھی زیادہ پس ان کی گردنوں پر لکھ دیا جائے گا عتقاء اللہ یعنی اللہ کے آزاد کردہ۔ پھر انہیں جنت میں داخل کر دیا جائے گا اور اس میں انہیں جہنمیین کے نام سے پکارا جائے گا۔

- یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔
- مسند احمد بن حنبل میں صفحہ ۵۶ پر درج حدیث کی سند میں ایک راوی عمرو بن یحی ثقہ ہیں ان کے والد یحی بن عمارہ بن أبی حسن بھی ثقہ ہیں جن سے کثرت کے ساتھ احادیث مروی ہیں۔

**۶۳۔ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : يَشْفَعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَـلاثَةٌ : اَلْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْعُلَمَاءُ، ثُمَّ الشُّهَدَاءُ۔**

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، قیامت کے دن تین قسم کے لوگ شفاعت کریں گے۔ انبیاء پھر علماء پھر شہداء۔

**۶۴۔ عَنْ أَبِیْ بَکْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ : يُحْمَلُ النَّاسِ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَتَقَادَعُ بِهِمْ جَنَبَةَ الصِّرَاطِ تَقَادُعَ الْفِرَاشُ فِیْ النَّارِ قَالَ فَيَنَجِّی اللّٰهُ تَبَارَکَ وَ تَعَالٰی بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاءُ قَالَ ثُمّ يُؤْذَنُ لِلْمَلَائِکَةِ وَالنَّبِيِّيْنَ وَ الشُّهَدَاءَ أَنْ يَشْفَعُوْا فَيَشْفَعُوْنَ وَ يَخْرُجُوْنَ وَيَشْفَعُوْنَ وَ يَخْرُجُوْنَ وَ يَشْفَعُوْنَ وَيَخْرُجُوْنَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مَا يَزِنَ ذَرَّةٍ مِنْ اِيْمَانٍ۔**

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن لوگ پل صراط پر چلیں گے تو پل صراط کا کنارہ ان کو لیکر ایسے گرے گا جیسے پتنگے آگ میں فرمایا پھر اللہ اپنی رحمت سے جسے چاہیے گا نجات دے گا۔ پھر فرشتوں، نبیوں، صدیقین اور شہداء کو اجازت دی جائے گی کہ وہ شفاعت کریں۔ پس وہ شفاعت کریں گے اور (دوزخیوں) کو نکالیں گے اور شفاعت کریں گے اور (دوزخیوں کو) نکالیں گے یہاں تک

---

(۶۳) ۱۔ سنن ابن ماجہ: ۳۳۰، ابواب الزھد عن رسول اللہ ﷺ، باب ذکر الشفاعۃ ۲، رقم حدیث: ۴۳۱۳

۲۔ جامع بیان العلم وفضلہ لابن عبدالبر، باب تفضیل العلماء علی الشھداء، ۱: ۳۰

(۶۴) ۱۔ مسند احمد بن حنبل، ۵: ۴۳

۲۔ المعجم الصغیر، ۲: ۵۷

۳۔ نہایۃ بدایۃ النایہ، ۱۰: ۴۷۰

۲۔ شعب الایمان، ۲: ۲۶۵: رقم حدیث: ۱۷۰۷

۳۔ الشریعہ للآجری: ۳۵۰۔

کہ کوئی ایک شخص بھی جہنم میں ایسا نہیں رہے گا جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا۔

❁ حافظ الہیثمی نے مجمع الزوائد، ۱۰:۳۵۹ پر اس حدیث کو مسند احمد، معجم الکبیر، معجم الصغیر اور بزار کے حوالے سے روایت کرکے اس کے تمام رواۃ کو صحیح قرار دیا ہے۔

www.MinhajBooks.com

## فصل نمبر ۳۹

# بیان کون الاولیاء والصلحاء شفعاء

## ﴿اولیاء اور صالحین کا شفاعت فرمانا﴾

۶۵۔ صحیح بخاری کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ وجوه یومئذ ناضرة الی ربها ناظرة، میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے رؤیت باری تعالیٰ کے حوالے سے ایک طویل حدیث پاک مروی ہے جس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رؤیت باری تعالیٰ اور اہل ایمان اور کفار ومشرکین کا اپنے اپنے معبودوں کے ساتھ انجام کا ذکر فرمایا۔ کہ وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کی عبادت کرتے ہیں مثلاً بعض اہل کتاب نے حضرت عزیر علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا ٹھہرایا بعض نے سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا کہا ایسے لوگ دوزخ کا ایندھن بنائے جائیں گے جبکہ مومن نجات پائیں گے۔ پل صراط سے بھی چشم زدن میں یا بجلی کی مانند یا ہوا کی مانند یا تیز رفتار گھوڑوں اور تیز رو اونٹ کی مانند گزر جائیں گے۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مومنین کا اپنے مومن بھائیوں کی شفاعت کرنے کے باب میں صحابہ کرام سے فرمایا:

فَمَا اَنۡتُمۡ بِاَشَدَّلِیۡ مُنَاشَدَةً فِی الۡحَقِّ قَدۡ تَبَیَّنَ لَکُمۡ مِنَ الۡمُؤۡمِنِ

(۶۵) ۱۔ صحیح البخاری، ۲:۷، ۱۱۰۷، رقم حدیث: ۷۰۰۱

۲۔ صحیح مسلم، ۱:۱۰۳، کتاب الایمان، باب اثبات رؤیۃ المؤمنین فی الآخرة ربھم سبحانہ وتعالیٰ، رقم حدیث: ۱۸۳

==

يَوْمَئِذٍ لِلْجَبَّارِ، وَاِذَا رَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ نَجَوْا فِيْ اِخْوَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا إِخْوَانُنَا، كَانُوْا يُصَلُّوْنَ مَعَنَا وَ يَصُوْمُوْنَ مَعَنَا وَ يَعْمَلُوْنَ مَعَنَا فَيَقُوْلُ اللهُ تَعَالٰى: اِذْهَبُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ دِيْنَارٍ مِنْ اِيْمَانٍ فَاَخْرِجُوْهُ وَ يُحَرِّمُ اللهُ صُوَرَهُمْ عَلَى النَّارِ فَيَاْتُوْنَهُمْ وَ بَعْضُهُمْ قَدْ غَابَ فِيْ النَّارِ اِلٰى قَدَمَيْهِ وَ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ فَيُخْرِجُوْنَ مَنْ عَرَفُوْا ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ فَيَقُوْلُ اذْهَبُوْا، فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ نِصْفِ دِيْنَارٍ فَأَخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَ مَنْ عَرَفُوْا ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ فَيَقُوْلُ: اذْهَبُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِنْ اِيْمَانٍ، فَأَخْرِجُوْهُ فَيُخْرِجُوْنَ مَنْ عَرَفُوْا۔

قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: فَاِنْ لَمْ تُصَدِّقُوْا فَاقْرءُوا (اِنَّ اللهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ج وَ اِنْ تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفُهَا)

”تم مجھ سے حق میں مطالبہ کرنے میں جو تمہارے لئے واضح ہو چکا ہے آج اس قدر سخت نہیں ہو جس قدر شدت کے ساتھ مومن اس روز اللہ سے مطالبہ کریں گے جس وقت وہ دیکھیں گے کہ وہ نجات پا گئے ہیں۔ تو اپنے بھائیوں کے حق میں مطالبہ کریں گے وہ عرض کریں گے اے رب! (یہ) ہمارے بھائی (ہیں جن کو تو نے دوزخ میں ڈال دیا یہ) ہمارے ساتھ نمازیں پڑھتے تھے، ہمارے ساتھ روزے رکھتے تھے اور ہمارے ساتھ

---

== الایمان، رقم حدیث: ۶۰

۳۔ سنن النسائی، ۲: ۲۶۹، کتاب الایمان باب زیادۃ الایمان، رقم حدیث: ۵۰۱۰

۴۔ سنن ابن ماجہ: ۷، المقدمہ باب فی

۵۔ مسند احمد بن حنبل، ۳: ۹۴

۶۔ مسند ابی عوانہ، ۱: ۱۸۲

۷۔ المستدرک، ۴: ۵۸۲

(نیک) عمل کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا جاؤ جس کے دل میں دینار کے وزن کے برابر ایمان پاؤ اسے (دوزخ سے) نکال لو اور اللہ تعالیٰ ان کی صورتوں کو آگ پر حرام کر دیگا پس وہ ان کے پاس آئیں گے جبکہ بعض قدموں تک اور بعض پنڈلیوں تک آگ میں ڈوبے ہوئے ہوں گے چنانچہ جن کو وہ پہچانیں گے انہیں نکال لیں گے پھر واپس لوٹیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا جس کے دل میں نصف دینار کے برابر بھی ایمان پاؤ اسے نکال لو، پس وہ جسے پہچانیں گے نکال لیں گے۔ پھر وہ واپس لوٹیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا جس کے دل میں ذرے کے برابر بھی ایمان پاؤ اسے بھی نکال لو چنانچہ وہ جسے پہچانیں گے نکال لیں گے۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جسے یقین نہ آتا ہو وہ یہ آیت (بیشک اللہ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا، اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دو گنا کر دیتا ہے اور اپنے پاس سے بڑا درجہ عطا فرماتا ہے) (النساء، ۴: ۴۰) پڑھ لے

..............................آگے طویل حدیث ہے۔

۶۶۔ اسی طرح صحیح مسلم شریف میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث پاک میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذات باری تعالیٰ کی قسم کھا کر فرمایا ہے کہ نیک صالح مومن اپنے دوسرے بھائیوں کی شفاعت کریں گے وہ بطور ناز اللہ تعالیٰ سے ایسا جھگڑا کریں گے جیسا کوئی شخص اپنے حق کیلئے بھی نہیں کرتا۔ ذیل میں اس ایمان افروز حدیث پاک کا متعلقہ حصہ ملاحظہ کریں جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

(۶۶) صحیح مسلم، ۱: ۱۰۳، کتاب الایمان، باب اثبات رؤیۃ المؤمنین فی الآخرۃ ربھم سبحانہ وتعالیٰ، رقم حدیث: ۳۰۲۔

فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ مَا مِنْکُمْ مِنْ اَحَدٍ بَاشَدَّ مُنَاشَدَۃٌ لِلّٰہِ فِی الْاِسْتِقْضَاءِ الْحَقِّ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ لِلّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لِاِخْوَانِھِمُ الَّذِیْنَ فِی النَّارِ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا کَانُوْا یَصُوْمُوْنَ مَعَنَا وَ یُصَلُّوْنَ وَ یُحَجُّوْنَ فَیُقَالَ لَھُمْ أَخْرِجُوْا مَنْ عَرَفْتُمْ فَتُحَرَّمُ صُوْرُھُمْ عَلَی النَّارِ فَیُخْرِجُوْنَ خَلْقًا کَثِیْرًا قَدْ أَخَذَتِ النَّارُ اِلٰی نِصْفِ سَاقَیْہِ وَ إِلٰی رُکْبَتَیْہِ ثُمَّ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا مَا بَقِیَ فِیْھَا أَحَدٌ مِمَّنْ أَمَرْتَنَا بِہٖ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ جَلَّ وَ عَزَّ اِرْجِعُوْا فَمَنْ وَ جَدْتُمْ فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالَ دِیْنَارٍ مِنْ خَیْرٍ فَأَخْرِجُوْہُ فَیُخْرِجُوْنَ خَلْقًا کَثِیْراً ثُمَّ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا لَمْ نَذَرْ فِیْھَا اَحَدًا مِمَّنْ أَمَرْتَنَا بِہٖ ثُمَّ یَقُوْلُ اِرْجِعُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالَ نِصْفَ دِیْنَارٍ مِنْ خَیْرٍ فَاَخْرِجُوْہُ فَیُخْرِجُوْنَ خَلْقًا کَثِیْرًا ثُمَّ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا لَمْ نَذَرْ فِیْھَا مِمَّنْ اَمَرْتَنَا اَحَدًا ثُمَّ یَقُوْلُ اَرْجِعُوْا فَمَنْ وَجَدْتُمْ فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالَ دِیْنَارٍ مِنْ خَیْرٍ فَأَخْرِجُوْہُ فَیُخْرِجُوْنَ خَلْقًا کَثِیْراً ثُمَّ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا لَمْ نَذَرْ فِیْھَا خَیْرًا وَ کَانَ اَبُوْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیْ یَقُوْلُ اِن لَمْ تَصَدِّقُوْنِیْ بِھٰذَا الْحَدِیْثَ فَاقْرَؤُا اِنْ شِئْتُمْ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ ج وَ اِنْ تَکُ حَسَنَۃً یُضَاعِفْھَا وَ یُؤْتِ مِنْ لَّدُنْہُ اَجْرًا عَظِیْمًاO

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جو مومن نجات پا کر جنت میں چلے جائیں گے وہ اپنے ان مسلمان بھائیوں کو جو جہنم میں پڑے ہوں گے جہنم سے چھڑانے کے لیے (بطور ناز) اللہ تعالیٰ سے ایسا جھگڑا کریں گے جیسا جھگڑا کوئی شخص اپنا حق مانگنے کے لیے بھی نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ کی جناب میں عرض کریں گے اے ہمارے رب یہ لوگ ہمارے ساتھ روزے رکھتے تھے، ہمارے ساتھ نمازیں پڑھتے تھے،

ہمارے ساتھ حج کرتے تھے، ان سے کہا جائے گا جن لوگوں کو تم پہچانتے ہو ان کو دوزخ سے نکال لو، ان لوگوں پر دوزخ کی آگ حرام کر دی جائے گی پھر جنتی مسلمان کثیر تعداد میں ان لوگوں کو دوزخ سے نکال لائیں گے جن میں سے بعض کی نصف پنڈلیوں کو اور بعض کو گھٹنوں تک دوزخ کی آگ نے جلا ڈالا تھا، پھر جنتی لوگ کہیں گے اے اللہ اب ان لوگوں میں سے کوئی باقی نہیں بچا جن کو جہنم سے نکال لانے کا تو نے حکم دیا تھا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا پھر جاؤ اور جس کے دل میں ایک دینار کے برابر بھی نیکی ہے اس کو جہنم سے نکال لاؤ، پھر جنتی لوگ کثیر تعداد میں لوگوں کو دوزخ سے نکال لائیں گے، پھر اللہ تعالیٰ کی جناب میں عرض کریں گے اے اللہ! جن لوگوں کو تو نے جہنم سے نکالنے کا حکم دیا تھا ہم نے ان میں سے کسی کو نہیں چھوڑا، اللہ تعالیٰ پھر فرمائے گا جاؤ جس کے دل میں نصف دینار کے برابر بھی نیکی ہو اس کو جہنم سے نکال لاؤ جنتی لوگ پھر جائیں گے اور کثیر تعداد میں لوگوں کو جہنم سے نکال لائیں گے اور پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کریں گے اے ہمارے رب جن لوگوں کو تو نے دوزخ سے نکالنے کا حکم دیا تھا ہم نے ان میں سے کسی کو نہیں چھوڑا اللہ تعالیٰ پھر فرمائے گا جس شخص کے دل میں تم کو ایک ذرے کے برابر بھی نیکی ملے اس کو جہنم سے نکال لاؤ، جنتی لوگ پھر جائیں گے اور جہنم سے بہت بڑی تعداد میں خلق خدا کو نکال لائیں گے پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کریں گے اے اللہ اب دوزخ میں نیکی کا ایک ذرہ بھی نہیں۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر تم میری اس بیان کردہ حدیث کی تصدیق نہیں کرتے تو قرآن کریم کی اس آیت کو پڑھو۔ (بے شک اللہ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دوگنا کر دیتا ہے اور اپنے پاس سے بڑا درجہ عطا فرماتا ہے)۔

**٦٧۔ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ان من امتي من يشفع للفئام و منهم من يشفع للقبيلة و منهم من يشفع للعصبة و منهم من يشفع للرجل حتى يدخلوا الجنة۔**

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک میری امت میں سے کچھ لوگ ایک گروہ کی شفاعت کریں گے اور کچھ ایک قبیلے کی اور کچھ ایک جماعت کی شفاعت کریں گے اور کچھ ایک شخص کی حتی کہ وہ سب جنت میں داخل ہو جائیں گے۔

❁ امام ترمذیؒ کے نزدیک یہ حدیث حسن ہے۔

**٦٨۔ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَصُفُّ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صُفُوْفاً فَيُمُرُّ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ عَلَى الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ: يَا فُلَانُ أَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ اسْتَسْقَيْتُ فَسَقَيْتُكَ شَرْبَةً؟ قَالَ فَيَشْفَعُ لَهٗ، وَ يَمُرُّ الرَّجُلُ فَيَقُوْلُ: أَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ نَاوَلْتُكَ طَهُوْرًا؟ فَيَشْفَعُ لَهٗ وَ يَقُوْلُ: يَا فُلَانُ: أَمَا تَذْكُرُ يَوْمَ بَعَثْتَنِيْ فِيْ حَاجَةٍ كَذَا وَ كَذَا فَذَهَبْتُ لَكَ؟ فَيَشْفَعُ لَهٗ۔**

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن لوگ صفیں بنائیں گے تو دوزخیوں میں سے ایک شخص جنتیوں میں سے ایک شخص کے

www.MinhajBooks.com

---

(٦٧) ١۔ جامع الترمذی، ٢: ٦٧، ابواب صفة القیامة، باب ماجاء فی الشفاعة، رقم حدیث: ٢٤٤٠

٢۔ مسند احمد بن حنبل، ٣: ٢٠، ٦٣

٣۔ نہایة بدایة النہایة، ١٠: ٤٦٨

٤۔ مصنف ابن ابی شیبہ، ١١: ٤٦٣، ٤٦٤ رقم حدیث: ١١٤٤٨، ١١٤٤٩

٥۔ مسند ابویعلی، ٢: ٢٩٢، رقم حدیث: ١٠١٣

(٦٨) سنن ابن ماجہ: ٢٧٠، کتاب الادب، باب فضل صدقة الماء، رقم حدیث: ٣٦٨٥

پاس سے گزرے گا اور کہے گا: اے فلاں! تو یاد کر ایک دن تو نے پانی مانگا تھا اور میں نے تجھے پانی پلایا تھا۔ پس وہ جنتی اس دوزخی کے لئے شفاعت کرے گا۔ ایک اور آدمی دوسرے آدمی کے پاس سے گزرے گا پس وہ کہے گا: تو یاد کر میں نے ایک دن تجھے صفائی کے لئے پانی دیا تھا۔ چنانچہ وہ اس کے لئے شفاعت کرے گا۔ ایک اور آدمی کہے گا اے فلاں: تو یاد کر ایک دن تو نے مجھے اس اس کام کے لئے بھیجا تھا چنانچہ میں تیری خاطر چلا گیا تھا۔ پس وہ اس کے لئے شفاعت کرے گا۔

❁ اس روایت کے تمام رجال صحیح ہیں۔

www.MinhajBooks.com

فصل نمبر ۴۰

# بیان کون الحفاظ و الشهداء شفعاء

## ﴿حفاظ و شہداء کا شفاعت کرنا﴾

۶۹۔ عَنْ عَلِیِّ ابْنِ أَبِیْ طَالِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ قَرَءَ الْقُرْآنَ وَ حَفِظَهُ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَ شَفَّعَهُ فِیْ عَشْرَةٍ مِنْ اَهْلِ بَیْتِهٖ كُلُّهُمْ قَدْ اسْتَوْجَبَ النَّارَ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے قرآن پڑھا اور اس کو حفظ کر لیا اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کر دے گا اور اس کو اس کے خاندان کے ان دس افراد کے لئے شفاعت کرنے والا بنا دے گا جن کے لئے جہنم واجب ہو چکی ہو گی۔

۷۰۔ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْكَرِبَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لِلشَّهِیْدِ عِنْدَاللّٰهِ سِتُّ خِصَالٍ یُغْفِرُلَهُ فِیْ اَوَّلِ دُفْعَةٍ مِنْ دَمِهٖ وَیُریٰ مَقْعَدَهٗ مِنَ

(۶۹) ۱۔ سنن ابن ماجہ، ۱:۱۹، المقدمہ باب فضل من تعلم القرآن وعلمہ، رقم حدیث: ۲۱۶

۲۔ جامع الترمذی، ۲:۱۱۴، ابواب فضائل القرآن، باب ماجاء فی فضل قاری القرآن، رقم حدیث: ۲۹۰۵

۳۔ معجم الاوسط، ۶:۶۱، رقم حدیث: ۵۱۲۶

(۷۰) ۱۔ سنن ابن ماجہ: ۲۰۶، کتاب الجہاد، باب فضل شہادت فی سبیل اللہ، رقم حدیث: ۲۷۹۹

۲۔ جامع الترمذی، ۲:۱۱۴، کتاب فضائل الجہاد، باب ثواب الشہید، رقم حدیث: ۱۶۶۳

۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۴:۱۳۱

۴۔ الشریعہ: ۳۴۹

الجَنَّةِ وَ يُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ يَأمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الْاَكْبَر وَ يُحَلّٰی حُلَّة الِایْمَانِ وَ یُزَوَّجُ مِنْ الْحُوْرِ العِیْنِ وَ یُشَفَّعُ فِیْ سَبْعِیْنَ اِنْسَانًا مِنْ اَقَارِبِہٖ۔

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کے پاس شہید کے لئے چھ باتیں ہیں اول تو یہ کہ خون بہتے ہی اس کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔ دوم وہ جنت میں اپنا مقام دیکھ لیتا ہے۔ سوم عذاب قبر سے محفوظ رہتا ہے۔ چہارم قیامت کی گھبراہٹ اور خوف سے محفوظ رہتا ہے۔ پنجم اسے ایمان کا لباس پہنایا جاتا ہے اور حوروں سے اس کا نکاح کیا جاتا ہے۔ ششم اس کے رشتہ داروں میں سے اسے 70 آدمیوں کی شفاعت کی اجازت دی جاتی ہے۔

❁ امام ترمذیؒ کے نزدیک یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے

۱۷۔ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ یَقُوْلُ مَنْ کَانَ لَہٗ فَرَطَانِ مِنْ اُمَّتِیْ دَخَل الْجَنَّةَ فَقَالَتْ عَائِشَةَ بِاَبِیَ فَمَنْ کَانَ لَہٗ فَرَطٌ فَقَالَ وَ مَنْ کَانَ لَہٗ فَرَطٌ یَا مُوَفِّقَةُ قَالَتْ فَنْ لَمْ یَکُنْ لَہٗ فَرَطٌ مِنْ اُمَّتِکَ قَالَ فَاَنَا فَرَطُ اُمَّتِیْ لَنْ یُصَابُوْا بِمِثْلِی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت میں سے جس شخص کے دو پیش رو (فوت شدہ دو کم سن بچے) ہوں۔ وہ اس شخص کو جنت میں لے جائیں گے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا آپ ﷺ کی امت میں

---

(۱۷) ۱۔ جامع الترمذی، ۱:۱۲۵، ابواب الجنائز، باب ماجاء فی ثواب من قدموکد، رقم حدیث: ۱۰۶۲

۲۔ سنن الکبیری للبیہقی، ۴:۶۸

۳۔ مسند احمد بن حنبل، ۱:۳۳۴، ۳۳۵

۴۔ مسند ابی یعلیٰ، ۵:۱۳۸، رقم حدیث: ۲۷۵۲

۵۔ المعجم الکبیر للطبرانی، رقم حدیث: ۱۲۸۸۰

سے جس شخص کا ایک پیش رو ہو؟ فرمایا: اے صاحبہ خیرات! اس کو وہ ایک پیش رو ہی لے جائیگا عرض کیا جس کا کوئی پیش رو نہ ہو؟ فرمایا جس کا کوئی نہیں ہوگا اس کا میں ہوں گا۔ کیونکہ میری امت کو میری جدائی سے بڑھ کر کسی کی جدائی کی تکلیف نہیں پہنچی۔

www.MinhajBooks.com

| # | کتاب | مصنّف/متوفیٰ | ناشر/سنِ اشاعت |
|---|---|---|---|
| ۱ | قرآن مجید | منزل من اللہ | |
| ۲ | صحیح البخاری | امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ، ۲۵۶ھ | قدیمی کتب خانہ، کراچی، ۱۳۸۱ھ |
| ۳ | الصحیح لمسلم | امام مسلم بن الحجاج قشیریؒ، ۲۶۱ھ | قدیمی کتب خانہ، کراچی، ۱۳۷۵ھ |
| ۴ | جامع الترمذی | امام محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ، ۲۷۹ھ | فاروقی کتب خانہ، ملتان ولاہور |
| ۵ | سنن ابوداؤد | امام ابوداؤد سلیمان بن اشعثؒ، ۲۷۵ھ | ایچ۔ایم۔سعید کمپنی، کراچی |
| ۶ | سنن النسائی | امام احمد بن شعیب نسائیؒ، ۳۰۳ھ | قدیمی کتب خانہ، کراچی |
| ۷ | سنن ابن ماجہ | امام محمد بن یزید قزوینی بن ماجہؒ، ۲۷۵ھ | ایچ۔ایم۔سعید کمپنی، کراچی |
| ۸ | موطا امام مالک | امام مالک بن انس اصبحیؒ، ۱۷۹ھ | میر محمد کتب خانہ مرکز علم وادب، کراچی |
| ۹ | مسند احمد بن حنبل | امام احمد بن محمد بن حنبلؒ، ۲۴۱ھ | المکتب الاسلامی، بیروت، ۱۳۹۸ھ |
| ۱۰ | الترغیب و الترھیب | امام عبدالعظیم بن عبدالقوی منذریؒ، ۶۵۶ھ | دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۳۸۸ھ |
| ۱۱ | جامع بیان العلم وفضلہ | امام ابوعمر یوسف ابن عبدالبر الاندلسیؒ، ۴۶۳ھ | دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، ۱۳۹۸ھ |
| ۱۲ | سنن الدارمی | امام ابومحمد عبداللہ دارمیؒ، ۲۵۵ھ | نشر السنۃ، ملتان، پاکستان |
| ۱۳ | سنن الدارقطنی | امام علی بن عمر الدارقطنیؒ، ۳۸۵ھ | دار المحاسن، قاھرہ، مصر |
| ۱۴ | السنن الکبری | امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقیؒ، ۴۵۸ھ | نشر السنۃ، ملتان، پاکستان |
| ۱۵ | شرح السنۃ | امام حسین بن مسعود بغویؒ، ۵۱۶ھ | المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، ۱۴۰۳ھ |
| ۱۶ | شرح معانی الآثار | امام ابوجعفر احمد بن محمد الطحاویؒ، ۳۲۱ھ | ایجوکیشنل پریس کراچی، پاکستان، ۱۳۹۰ھ |
| ۱۷ | الشریعۃ | امام ابوبکر محمد بن حسین الآجریؒ، ۳۶۰ھ | انصار السنۃ المحمدیہ، لاہور، پاکستان |
| ۱۸ | شعب الایمان | امام احمد بن حسین بیہقیؒ، ۴۵۸ھ | درالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، ۱۴۱۰ھ |
| ۱۹ | صحیح ابن حبان | امام محمد بن حبانؒ، ۳۵۴ھ | مؤسسۃ الرسالہ، بیروت، لبنان، ۱۴۱۴ھ |
| ۲۰ | فردوس الاخبار | حافظ شیرویہ بن شھردار بن شیرویہ الدیلمیؒ، ۵۰۹ھ | دار الکتب العربی، بیروت، لبنان، ۱۴۰۷ھ |
| ۲۱ | کنز العمال | علامہ علاء الدین علی المتقی الہندیؒ، ۹۷۵ھ | مؤسسۃ الرسالہ، بیروت، لبنان، ۱۳۹۹ھ |
| ۲۲ | مجمع الزوائد | حافظ نور الدین علی بن ابوبکر ہیثمیؒ، ۸۰۷ھ | دار الریان للتراث، بیروت، لبنان |

| # | کتاب | مصنف/متوفیّ | ناشر/سنِ اشاعت |
| --- | --- | --- | --- |
| ۲۳ | المستدرک | امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشا پوریؒ، ۴۰۵ ھ | دارالباز للنشر والتوزیع، مکہ مکرمہ |
| ۲۴ | مسند ابو داؤد الطیالسی | حافظ سلیمان بن داؤد ابو داؤد الطیالسیؒ، ۲۰۴ھ | دارالمعرفہ، بیروت، لبنان |
| ۲۵ | مسند ابو عوانۃ | امام ابوعوانہ یعقوب بن اسحاقؒ، ۳۱۶ھ | دارالمعرفہ، بیروت، لبنان |
| ۲۶ | مسند ابو یعلی | امام احمد بن علی بن المثنی تمیمیؒ، ۳۰۷ ھ | دارالمامون للتراث، دمشق، ۱۴۰۴ھ |
| ۲۷ | مسند الحمیدی | امام ابو بکر عبداللہ بن زبیر حمیدیؒ، ۲۱۹ھ | المجلس العلمی، ۱۳۸۳ ھ |
| ۲۸ | مشکاۃ المصابیح | امام محمد بن عبداللہ خطیب تبریزیؒ | نعمانی کتب خانہ، کابل، افغانستان |
| ۲۹ | مصنف ابن ابی شیبہ | امام ابو بکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہؒ، ۲۳۵ ھ | ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، کراچی، پاکستان، ۱۴۰۶ھ |
| ۳۰ | مصنف عبدالرزاق | امام ابو بکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانیؒ، ۲۱۱ھ | المجلس العلمی، ۱۳۹۰ھ |
| ۳۱ | المطالب العالیۃ | امام ابن حجر احمد بن علی عسقلانیؒ، ۸۵۲ھ | عباس احمد الباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب |
| ۳۲ | المعجم الاوسط | امام سلیمان بن احمد طبرانیؒ، ۳۶۰ ھ | مکتبۃ المعارف، ریاض، سعودی عرب، ۱۴۰۵ھ |
| ۳۳ | المعجم الصغیر | امام سلیمان بن احمد طبرانیؒ، ۳۶۰ ھ | دارالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، ۱۴۰۳ھ |
| ۳۴ | المعجم الکبیر | امام سلیمان بن احمد طبرانیؒ، ۳۶۰ ھ | مطبعۃ الزہراء الحدیثۃ، موصل/ مکتبہ ابن تیمیہ، قاھرہ |
| ۳۵ | نہایۃ البدایۃ والنہایۃ | ابوالفداء اسماعیل بن کثیر دمشقیؒ، ۷۷۴ھ | دارالفکر، بیروت لبنان، ۱۴۱۹ھ |
| ۳۶ | النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر | امام مبارک بن محمد الجزری ابن اثیر، ۶۰۶ ھ | موسسہ طبوعات اسماعیلیان، قم، ایران |
| ۳۷ | تفسیر القرآن العظیم | امام ابوالفداء اسماعیل بن کثیر دمشقیؒ، ۷۷۴ھ | دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان، ۱۴۰۰ھ |
| ۳۸ | تفسیر النسائی | امام احمد بن شعیب نسائیؒ، ۳۰۳ھ | دارالفکر، ۱۴۱۰ھ |
| ۳۹ | الدرالمنثور فی التفسیر بالماثور | امام جلال الدین عبدالرحمٰن سیوطیؒ، ۹۱۱ھ | دارالمعرفۃ، بیروت، لبنان |
| ۴۰ | فتح الباری شرح صحیح البخاری | امام ابن حجر احمد بن علی عسقلانیؒ، ۸۵۲ھ | دارنشر الکتب الاسلامیہ، لاہور، ۱۴۰۱ھ |
| ۴۱ | دلائل النبوۃ للبیہقی | امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقیؒ، ۴۵۸ ھ | دارالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، ۱۴۰۵ھ |
| ۴۲ | الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ | قاضی ابوالفضل عیاض یحصبیؒ، ۵۴۴ھ | دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان |

منہاج انٹرنیٹ بیورو کی پیشکش
www.MinhajBooks.com

| # | کتاب | مصنّف/متوفّیٰ | ناشِر/سنِ اِشاعت |
|---|---|---|---|
| ۴۳ | تاریخ بغداد | حافظ ابوبکر احمد بن علی خطیب بغدادیؒ، ۴۶۳ھ | دار الکتاب العربی، بیروت، لبنان |
| ۴۴ | القول البدیع | امام شمس الدین محمد بن عبدالرحمان السخاویؒ، ۹۰۲ھ | المکتبۃ العلمیہ ،مدینہ منورہ، ۱۳۹۷ھ |
| ۴۵ | حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء | امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہانیؒ، ۴۳۰ھ | دار الکتاب العربی، بیروت، لبنان، ۱۴۰۰ھ |
| ۴۶ | جلاء الافہام | حافظ بن قیم الجوزی ۷۵۱ھ | قاہرہ، مصر |

www.MinhajBooks.com